Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماہنامہ طلسماتی دنیا دیوبند

جلد نمبر ۱۶
شمارہ نمبر ۹، ۱۰
ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء
سالانہ زرتعاون ۲۴۰ روپے سادہ ڈاک سے
۴۳۰ روپے رجسٹرڈ ڈاک سے
فی شمارہ ۲۰ روپے

پاکستان سے
زرتعاون سالانہ 9 سو روپے انڈین
غیر ممالک سے
سالانہ زرتعاون 12 سو روپے انڈین
لائف ممبری ہندوستان میں
7 ہزار روپے
لائف ممبری پاکستان میں
15 ہزار روپے انڈین
لائف ممبری غیر ممالک سے
25 ہزار روپے انڈین

دل میں تو ضعف عقیدت کو کبھی راہ نہ دے
کوئی کچھ دے نہیں سکتا اگر اللہ نہ دے

یہ رسالہ دین حق کا ترجمان ہے۔ یہ کسی ایک مسلک کی وکالت نہیں کرتا۔

ایڈیٹر
حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند
موبائل 09358002992

پوسٹنگ منیجر:
ابوسفیان عثمانی
موبائل 09756726786

آفس ہاشمی روحانی مرکز
فون 09359882674
فیکس (01336) 224748

انتباہ

طلسماتی دنیا سے متعلق متنازعہ امور میں مقدمہ کی سماعت کا حق صرف دیوبند ہی کی عدالت کو ہوگا۔

(منیجر)

کمپوزنگ
(عمر الٰہی، راشد قیصر)
ہاشمی کمپیوٹر
محلہ ابوالمعالی، دیوبند
فون 09359882674

اطلاع عام

اس رسالہ میں جو کچھ بھی شائع ہوتا ہے وہ ہاشمی روحانی مرکز کی ملکیت ہے اس کے کسی کلی یا جزوی مضمون کو شائع کرنے سے پہلے ہاشمی روحانی مرکز سے اجازت لینا ضروری ہے، اس رسالے میں جو تحریریں ایڈیٹر سے منسوب ہیں وہ ماہنامہ 'طلسماتی دنیا' کی ملک ہیں اس کے کل یا جز کو چھاپنے سے پہلے ایڈیٹر سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے، خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی کاروائی کی جاسکتی ہے۔ (منیجر)

"TILISMATI DUNYA"

TILISMATI DUNYA (Monthly)
HASHMI ROOHANI MARKAZ
MOHALLA, ABUL MALI DEOBAND 247554

پتہ: ہاشمی روحانی مرکز
محلہ ابوالمعالی دیوبند 247554

پرنٹر پبلشر حسن احمد صدیقی نے شعیب آفسیٹ پریس دہلی سے چھپوا کر ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند سے شائع کیا۔
Printer Publisher Hasan Ahmed Siddiqui Shoaib Ofset Press Delhi
Hashmi Roohani Markaz, Abul Mali, Deoband U. P.

کیا اور کہاں؟

بقلم خاص

اُف! یہ زبان کی بے لگامیاں

انسان کے جسم میں جتنے بھی اعضاء ہیں ان میں سب سے اہم چیز دل ہے۔ اس کے بعد سب سے زیادہ اہمیت دماغ کو حاصل ہے۔ جس طرح دنیا کے انتظامات میں بڑا درجہ صدر اور وزیر اعظم کا ہوتا ہے اس کے فیصلوں کو اہمیت اور فوقیت حاصل ہوتی ہے اور اس کے بنائے ہوئے منصوبوں پر پورے ملک کا نظام چلتا ہے۔ انسانی جسم میں یہی درجہ دل کا ہے۔ دل کے رجحانات پر پورا جسم حرکت کرتا ہے اور دل کے اچھے برے خیالات تمام اعضاء جسمانی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ دنیاوی نظام میں وکیل کی سکریٹری کی اور مشیر کی بھی بہت بڑی حیثیت ہوتی ہے۔ صدر اور افسر اعلیٰ کو کمانڈ کرنے والا اور اس سے اچھے برے فیصلے کرانے والا مشیر ہی ہوتا ہے اور پورے ملک میں درحقیقت مشیر اور سکریٹری ہی کی حکومت ہوتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ حکمرانی کا سہرا صدر مملکت کے سر بندھتا ہو۔ انسانی اعضاء میں دماغ اور عقل کو وہ درجہ حاصل ہے جو درجہ دنیاوی نظام میں سکریٹری اور مشیر خاص کو حاصل ہوتا ہے۔ دماغ ہی دل کو کنٹرول کرتا ہے اور عقل ہی دل کے زاویوں کو بدلنے میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ اس سے ہم اس بات کا اندازہ کرسکتے ہیں کہ اگر انسان کا دماغ بگڑ جائے تو اس کا دل بھی بگڑ جاتا ہے کیوں کہ دماغ ہی دل کو قابو میں رکھتا ہے۔ جب دماغ آپے سے باہر ہوجاتا ہے تو دل بھی آپے میں نہیں رہتا۔ دنیاوی نظام میں ترجمان کی بھی بہت بڑی حیثیت ہوتی ہے۔ دل اور دماغ کے اہم فیصلوں کا پروپیگنڈہ ترجمان ہی کرتا ہے۔ انسانی اعضاء میں زبان کو ترجمان کی حیثیت حاصل ہے۔ دل اور دماغ جو سوچتے ہیں زبان اس کی ترجمانی کرتی ہے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ہم کسی کی زبان کو بگڑا ہوا محسوس کرلیں تو ہمیں یہ یقین کرنا چاہئے کہ اس کا دل اور دماغ دونوں بگڑے ہوئے ہیں۔ دل سے جو بھی خیالات ابھرتے ہیں اور دماغ میں جو بھی سوچ و فکر ہویدا ہوتی ہے زبان اسی کا اظہار کرتی ہے اور زبان پر رینگنے والے الفاظ انسان کے باطن کی غمازی کرتے ہیں۔ اگر انسان کا دل بگڑ جائے اور دماغ خراب ہوجائے تو اس سے معاشرے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا لیکن اگر انسان کی زبان گندی ہوجائے اور وہ دل و دماغ کے بگاڑ کو ظاہر کرنے لگے تو پھر معاشرے میں فتنے ابھرتے ہیں، جھگڑے ہوتے ہیں اور افراتفری مچتی ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ آج سے چودہ سو برس پہلے محسن انسانیت ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ تم مجھے صرف دو چیزوں کی ضمانت دیدو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیدوں گا اور ان دو چیزوں میں ایک زبان ہے اور دوسری فرج۔ جب انسان فرج کے سلسلے میں یعنی شرمگاہ کے سلسلے میں بے لگام ہوجائے تو اس کی حیا ختم ہوجاتی ہے اور اس کا ہر قدم بے حیائی کو فروغ دینے لگتا ہے اور جس کی حیا ختم ہوجائے وہ اس دنیا میں کچھ بھی کرسکتا ہے۔ ہر برے سے برے فعل کا اس کی ذات سے صادر ہوجانا متوقع ہے کیونکہ انسان کے مزاج کو حیا ہی کنٹرول میں رکھتی ہے اور جب حیا مرجاتی ہے تو انسان کسی پاگل گھوڑے کی طرح بے لگام ہوجاتا ہے اسی لئے حدیث میں یہ فرمایا گیا ہے کہ **اذا فاتك الحياء فافعل ما شئت**۔ جب تیری حیا فوت ہوجائے تو پھر تو جو چاہے کر۔ دوسری ضمانت زبان کی طلب کی ہے۔ زبان کی بے لگامی سے دنیا میں فتنے اٹھتے ہیں اور نئے نئے جھگڑے فروغ پاتے ہیں۔ اس دنیا میں جتنے بھی فتنے سر ابھارتے ہیں اور جتنا بھی نفرت کا ماحول پیدا ہوتا ہے اس کی ذمہ داری زبان کے سر جاتی ہے اور اگر انسان کی زبان کنٹرول میں رہے تو پھر فتنے اٹھنے اور نفرتیں پھیلنے کی نوبت ہی نہ آئے۔ فتنے کو قتل سے بھی زیادہ شدید تر بتایا گیا ہے کیوں کہ قتل سے انسان کی زندگی ختم ہوتی ہے اور الزامات سے تہمتیں اچھالنے سے کسی کو عیب لگانے سے اور کسی کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے سے اس کی شخصیت فنا ہوتی ہے جو جان سے مارنے سے بھی زیادہ برا اور شرمناک ہے۔ آج کے دور میں مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ ان کی زبان بالکل ہی بے لگام ہوکر رہ گئی ہے وہ کسی کے بارے میں کچھ بھی بک دیتے ہیں، انہیں اس کا احساس ہی نہیں ہوتا کہ ہمارے چند کھردرے الفاظ سے کسی کی عزت داؤ پر لگ جاتی ہے اور کسی کے احساسات کا قتل عام ہوکر رہ جاتا ہے جبکہ اس دنیا میں انسان جو کچھ بولتا ہے اسے اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے کہ **ما يلفظ من قول الا لديه رقيب عتيد** بولنے والا کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہوتا کہ اس کی زبان سے الفاظ نکلیں اور ان الفاظ کو ایک ریکارڈ کرنے والا کوئی ہر وقت تیار نہ ہو۔ انسان کو اس دنیا میں جو کچھ بھی بولنا ہے اس کا ایک ایک حرف فرشتے ریکارڈ کرلیتے ہیں اور قیامت کے دن ایک ایک غلط لفظ پر اور ایک ایک غلط الزام پر پکڑ ہوگی۔ کاش ہم اپنی زبان کی حفاظت کرنے کے گر کو سمجھیں کہ اسی میں ہماری بھلائی ہے اور اسی میں پورے معاشرے کی فلاح و بہبود پوشیدہ ہے۔ یقین کریں اگر انسان صرف اپنی زبان پر کنٹرول کرلے تو وہ دنیا و آخرت کی ہزاروں آفتوں سے محفوظ ہوجائے۔

مختلف پھول

فرمان الٰہی

☐ کہو کہ اے اللہ اے بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے۔ ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں داخلہ

ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا۔ "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا جی چاہتا ہے کہ میں جنت میں جاؤں مجھے بتایئے میں کیا عمل کروں۔؟"

آپؐ نے فرمایا: "سچ بولو کیونکہ جب آدمی سچا ہوتا ہے تو نیکی کرتا ہے اور جب نیکی کرتا ہے تو اس کے دل میں ایمان کی روشنی پیدا ہوتی ہے جب اسے ایمان نصیب ہوتا ہے تو وہ جنت میں داخل ہوتا ہے۔

چار باتیں

☐ جب شیطان انسان سے چار باتیں سرزد کراتا ہے تو کہتا ہے اب مجھے اس کے خلاف اور کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔

(۱) اس کا تکبر کرنا۔

(۲) اپنے اعمال کو زیادہ سمجھنا۔

(۳) اپنے گناہوں کو بھول جانا۔

(۴) پیٹ بھر کر کھانا۔

یہ آخری نمبر سب خرابیوں کی جڑ ہے۔

(ملفوظات حضرت فضیل بن عیاضؒ)

اقوال زریں

☐ جو لوگ خدا کی بخشی ہوئی دولت کو غلط جگہوں پر خرچ کرتے ہیں ان کے لئے قیامت کے روز دوزخ کی آگ ہوگی۔ (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

☐ میٹھے بول جھگڑے کو ختم کرتے ہیں۔ (حضرت سلیمانؑ)

☐ ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہے اور عقل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ دانا لوگوں کی بات پر عمل کیا جائے۔ (حضرت علی کرم اللہ وجہہ)

☐ اس چیز کے درپے نہ ہو جسے تم نہیں پا سکتے یا نہیں سمجھ سکتے۔ (حضرت امام حسینؓ)

☐ بزدل سے دور رہو یہ آڑے وقت میں تمہیں ہلاکت میں چھوڑ دیگا۔ (حضرت امام جعفر صادقؒ)

☐ سب سے بڑی اور اچھی نصیحت یہ ہے کہ تقلید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کرو۔ (حضرت مجدد الف ثانیؒ)

ماں کا مقام

☐ ماں اللہ کی انمول نعمت ہے۔

☐ باپ بھی اللہ کی انمول نعمت ہے۔

☐ اچھی اور میٹھی بات بھی صدقہ ہے۔

☐ ہمیشہ سچ بولو اور جھوٹ سے گریز کرو۔

☐ جھوٹ انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔

☐ سچ بولنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

☐ ماں کے قدموں تلے جنت ہے۔

☐ ماں کی ذات بھی پھولوں کی طرح نازک ہے۔

☐ دنیا کی محبت ہر چیز کی برائی ہے۔

☐ دنیا میں سب سے کم سچائی اور امانت ہے اور سب سے زیادہ جھوٹ اور خیانت ہے۔

☐ عقل مند وہ ہے جو دنیا سے دستبردار ہو جائے، اس سے پہلے کہ دنیا اسے دستبردار کر دے۔

کی خوشبو

گل چیں

نازیہ مریم ہاشمی

اقوال شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

- مومن جس قدر بوڑھا ہوتا ہے اس کا ایمان طاقت ور ہوتا ہے۔
- جس نے مخلوق سے کچھ مانگا وہ خالق کے دروازے سے اندھا ہے۔
- بے ضرورت مردوں کو بھی بازار میں نہیں جانا چاہئے۔
- افلاس گناہوں سے بچاتا ہے اور تونگری معصیت کا جال ہے، افلاس کو اپنا محافظ خیال کر۔
- تو نفس کی تمنا پوری کرنے میں مصروف ہے اور وہ تجھ کو برباد کرانے میں لگا ہے۔
- اپنے دل کو صرف خدا کے لئے خالی رکھ اور اعضاء کے ساتھ بچوں کے لئے معاش میں مصروف رہ۔

اقوال زریں

- غم آدھا بڑھاپا ہے۔
- فقیری سب سے بڑی موت ہے۔
- لالچ ہمیشہ کی غلامی ہے۔
- مسکراہٹ شخصیت میں نکھار پیدا کرتی ہے۔
- صبر و شکر سے بڑھ کر کوئی میٹھی چیز نہیں۔
- تعلیم انسان کو شعور سکھاتی ہے۔
- ہر مشکل انسان کی ہمت کا امتحان لیتی ہے۔

مہکتی کلیاں

- جو محبتوں کی قدر نہیں کرتے وہ نفرتوں کا نشانہ بنتے ہیں۔
- جو بہت حساس ہوتے ہیں وہ زندگی میں ہر قدم پر ٹوٹ جاتے ہیں۔
- آنکھ سے سچے موتی اس وقت برستے ہیں جب کوئی ان کو دیکھ نہ پائے۔

- اپنے آپ کو چٹان کی طرح مضبوط اور دل کو پھول کی طرح نرم رکھو۔

زاویہ نگاہ

- بہت سے الفاظ میں کم خیالات کا اظہار جہالت اور تھوڑے الفاظ میں زیادہ خیالات کا اظہار ذہانت ہے۔
- عقل تجربے سے آتی ہے، دانش وروں کے مقولے حفظ کرنے سے نہیں آتی۔
- مال و زر سمندر کا شور والا پانی ہے۔ جتنا پیوگے، اتنی ہی پیاس بھڑکے گی۔
- دل اگر دریا ہے تو چمکتی آنکھ کی جگہ نہیں کر سکتی۔
- جس شخص کا غصہ زیادہ ہوتا ہے اس کے دوست کم ہوتے ہیں۔
- مصیبت کی جڑ انسان کی گفتگو ہے۔
- اپنی تعریف کرنا ہلاکت کا باعث ہے۔
- جسے سلامتی کی ضرورت ہو اسے خاموشی اختیار کرنی چاہئے۔
- خاموشی غصے کا سب سے بہترین علاج ہے۔
- خاموشی سب سے زیادہ نفع بخش عبادت ہے۔

شمع فروزاں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا

- سفر دو قسم کا ہے، دنیا اور آخرت کا، دونوں کے واسطے درکار ہیں۔ دنیا کے سفر میں توشہ ہمراہ رکھنا چاہئے اور سفر آخرت میں روانگی سے پہلے بھیج دینا چاہئے۔
- عمل صالح وہ ہے، جس پر لوگوں کی ثنا کی امید نہ رکھی جائے۔
- میں مردہ کو زندہ کرنے سے عاجز نہیں ہوا لیکن احمق کی اصلاح سے عاجز آ گیا۔

- ننانوے راستبازوں کی نسبت جو توبہ کی حاجت نہیں رکھتے، ایک توبہ کرنے والے گنہگار کی بابت آسمان پر زیادہ خوشی ہوگی۔
- دنیا کے مال و اسباب پر مغرور مت ہو۔ کیا خبر کہ اس رات تری جان تجھ سے طلب کر لی جائے۔

(عمران نثار، فیض آباد)

- وہ شخص سچ مچ عقل مند ہے جو غصہ کی حالت میں بھی منہ سے بری بات نہیں نکالتا۔ (شیخ سعدیؒ)

اچھی باتیں

- اگر اللہ پر بھروسہ ہو تو پھر کسی سے بھی ڈرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- اگر ماں کی دعائیں ساتھ ہوں تو پھر کسی اور کی دعا کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- اپنے اللہ اور رسول کو راضی رکھنے کے لئے اسوۂ حسنہ پر عمل کرو۔
- والدین کا کہنا مانو کیونکہ وہ ہمیشہ نیک کام کے لئے کہتے ہیں۔
- جو انسان جھکتا نہیں وہ ٹوٹ جاتا ہے۔
- جھوٹ سے گریز کرو، تمام گناہ چھوٹ جائیں گے۔
- روزہ رکھو اس سے غریبوں کے حالات کا احساس ہوتا ہے۔

یادگار لمحے

- اس دنیا میں اپنا ہر دن یہ سمجھ کر گزارو کہ یہ تمہارا آخری دن ہے۔
- پانی کی ایک بوند میں نمک ملا دیا جائے تو وہ آنسو بن جاتا ہے۔
- اعتماد اس پرندے کے مانند ہے جو صبح کاذب میں ہی روشنی کے احساس سے چہچہانے لگتا ہے۔
- جو شخص نگاہ کی التجا کو نہ سمجھے اس کے سامنے زبان کو شرمندہ مت کرو۔
- اچھی باتیں پھولوں کی مانند ہیں جہاں تک ہو سکے ان کو دامن میں سمیٹو۔
- بے شک دیر تک سوچو لیکن سوچنے کے بعد جو فیصلہ کرو وہ اٹل ہو۔
- توبہ کرنا آسان ہے اور گناہ چھوڑنا مشکل۔
- خدا کی یاد سب بلاؤں سے نجات دلاتی ہے۔

سنئے تو سہی.....!

موجودہ نسل فضا میں پرواز کر سکتی ہے، وائرلیس کے ذریعہ سے گفتگو کر سکتی ہے ایٹمی طاقت سے فائدہ اٹھا سکتی ہے لیکن بچوں کی تربیت اور پرورش سے عاری ہے۔ (جیو برٹ)

- اختصار پسندی میں اتفاقی یا الہامی جوہر ہوتا ہے۔ (سنتایانا)

- عیاری چھوٹے کمبل کی مانند ہے اس سے سر چھپاؤ تو پیر ننگے ہو جائیں گے۔ (پوپ)
- برے ارادے سے سچ بولا جائے تو وہ ہر قسم کے جھوٹ پر سبقت لے جاتا ہے۔

جوانی و بڑھاپا

- جوانی میں پاک باز رہنا شیوۂ پیغمبری ہے۔
- جوانی کی توبہ خدا کے ہاں زیادہ مقبول ہے۔
- جوانی آتی ہے اور چلی جاتی ہے۔ بڑھاپا آتا ہے اور جاتا ہے تو اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔
- بڑھاپا زندگی کی مسرتوں کو کم اور زندگی کی ہوس کو زیادہ کرتا ہے۔

احساس عمل

- اندیشہ آنے والے زمانے سے ہوتا ہے۔ اگر حال پر نگاہ رکھی جائے تو مستقبل کے اندیشے کم ہو جاتے ہیں۔
- سانس کا سفر ختم ہو جاتا ہے لیکن آس کا سفر باقی رہتا ہے۔ یہی تو وہ سفر ہے جو انسان کو متحرک رکھتا ہے اور متحرک ہونا زندگی کی علامت ہے یہ علامت رگوں میں خون کی طرح دوڑتی رہے تو انسان مایوس نہیں ہونا چاہئے سانس کا سفر ختم ہی کیوں نہ ہو جائے۔
- گزرا ہوا واقعہ گزرتا ہی تو نہیں ہے بلکہ وہ یاد بن کر بار بار گزرتا ہے۔
- جس شخص کو صداقت اور نیکی کا سفر کرنے کی خواہش ہو وہ جان لے کہ یہ سفر منظوری کا اعلان ہے جس کو منظور نہیں کیا جاتا اس کو یہ شوق ہی نہیں ملتا۔
- جو دعا مانگو دل سے مانگو، بے شک خلوص دل سے مانگی جانے والی دعا قبول ہوتی ہے۔
- دعا ہر کسی کو دو بددعا کسی کو نہ دو۔
- نماز قائم رکھو۔ خیالات صاف رہیں گے۔

قول سنہرے

- جس دل میں برداشت کی قوت ہوتی ہے وہ کبھی شکست نہیں کھاتا۔
- محبت اس سے نہ کرو جسے تم چاہتے ہو بلکہ اس سے کرو جو تمہیں چاہتا ہے۔
- ہر مسکراتا ہوا چہرہ اندر سے خوش نہیں ہوتا۔
- کسی کو چاہو تو ٹوٹ کر چاہو ورنہ محبت کی توہین نہ کرو۔
- پھولوں کی خوشبوؤں سے لطف اندوز ہوتے کے لیے کانوں کی

چبھن کو بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔

☐ بغیر محبت کے انسان اس غار کی مانند ہے جس کے اندر جانور بھی داخل ہونے سے ڈرتے ہیں۔

یاد رکھنے والی باتیں

☐ وقت سے پہلے کسی ارادے کا اظہار نہ کرو۔ (جان سلڈن)

☐ دیوار کا ہر پتھر خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو، اپنی قیمت رکھتا ہے۔ (لانگ فیلو)

☐ جو شخص ارادے کا پکا ہو وہ دنیا کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھال سکتا ہے۔ (گوئٹے)

☐ تقلید سے کبھی ہوئی عظیم نہیں ہوتا۔ (جانسن)

☐ اگر غرور علم ہوتا تو اس کے سند یافتہ بہت ہوتے۔ (ہربرٹ اسپنسر)

☐ کسی نے ایک بزرگ سے معلوم کیا کہ "مخلص کون ہے۔؟"

فرمایا "مخلص وہ ہے جو اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپائے جیسے برائیوں کو چھپاتا ہے۔"

پوچھا۔ "اخلاص کی غایت کیا ہے۔؟"

فرمایا۔ "لوگوں کی جانب سے کی جانے والی تعریف کو پسند نہ کرو۔"

چھوٹے امراض سے بڑے امراض کا کفارہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزوں کے لئے چار چیزوں کو برا مت جانو کیونکہ ان چار چیزوں کے ہونے سے چار بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔

(۱) آنکھ کا دکھنا اندھے ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۲) زکام کا ہونا، برص کے روگ سے نجات دیتا ہے۔

قیمتی اقوال

☐ اگر خدا کی رحمت کے امیدوار ہو تو مخلوق خدا پر رحم کرو۔

☐ اپنی سیرت ایسی کلی کی مانند بناؤ جس کو سونگھنے سے اچھائی کی خوشبو آئے۔

☐ دشمن ایک بھی بہت اور دوست زیادہ بھی کم ہیں۔

☐ موت کو ہمیشہ یاد رکھو لیکن کبھی آرزو نہ کرو۔

☐ لذتوں کو توڑ دینے والی موت کو کثرت سے یاد کرو۔

☐ اعتماد ایک زندگی کی طرح ہے، ایک بار ختم ہو جائے تو واپس نہیں آتا۔

☐ دنیا میں مخلص دوست قسمت سے ملتا ہے اگر ایسا دوست کھو جائے تو اس کا غم سدا ساتھ رہتا ہے۔

باتوں سے خوشبو آئے

☐ غم محبت اور انا ایک دل میں نہیں رہ سکتیں۔

☐ خاموشی گفتگو کا حسن ہے۔

☐ انسانوں کو بلندی پر لے جانا مشکل ہے، گرا دینا مشکل نہیں۔

☐ تعجب کی بات ہے کہ ہم نیند سے تو محبت کرتے ہیں مگر موت سے ڈرتے ہیں۔

☐ اگر تمہاری کھوئی ہوئی چیز تمہارے دوست کو مل جائے تو اسے کھویا ہوا محسوس نہ کرو۔

روشنی

☐ اس کے لئے تباہی ہے، جس کی عزت اس کے ڈر سے کی جائے۔

☐ بے زبان جانوروں کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔

☐ انسان جب بوڑھا ہو جاتا ہے تو دو چیزیں جوان ہو جاتی ہیں۔ ایک حرص اور دوسری دولت کی محبت۔

☐ رات کا کھانا ترک کرنے سے بڑھاپا جلد آ جاتا ہے۔

☐ کھانا ٹھنڈا کر کے کھایا کرو کیونکہ گرم کھانے میں برکت نہیں رہتی۔

بڑے لوگوں کی بڑی باتیں

☐ نہ گرنا خوبی نہیں بلکہ گر کر سنبھل جانا خوبی ہے۔

☐ اس دوست کا گلہ کر رہے ہو جو تمہیں دھوکہ دے گیا بلکہ اپنی عقل [illegible] کرو جو دھوکہ دینے والے کو دوست کہتے ہو۔

☐ رستے جو کہیں نہیں جاتے پر امن ہوتے ہیں۔

☐ محبت سب سے کرو مگر دوستی ہر ایک سے نہ کرو۔

☐ دل پر مصیبتیں آنکھوں کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

☐ جو شخص اپنے خلوص کی قسمیں کھائے اس پر کبھی اعتبار نہ کرو۔

☐ گالی کا جواب گالی سے نہ دو کیونکہ کبوتر کوے کی بولی نہیں بول سکتا

☐ کس قدر اندھا اور ظالم ہے وہ شخص جو اپنی جیب سے دوسروں [illegible] دل خریدتا ہے۔

☐ محبت بھری نظر سے دیکھنے والے ضروری نہیں تمہارے خیر خواہ [illegible] محبت نہ ملے تو انسان جی لیتا ہے لیکن جسے محبت سمجھتا ہو وہ شخص آپ کے [illegible] توڑ دے تو انسان ایسا ٹوٹتا ہے کہ پھر ریزے بھی نہیں ملتے۔

میری ڈائری سے

☐ جب پیسہ بولتا ہے تو سچائی خاموش ہو جاتی ہے۔

□ ایک بے وقوف ہی ایک گڑھے میں دو بار گرتا ہے۔

□ وہ رزق کی فراخی جس میں شکر نہ ہو اور وہ معاش کی تنگی جس پر صبر نہ ہو فتنہ بن جاتا ہے۔

□ مصیبت میں بے صبری مصیبت ہے۔

□ تین آدمی تین موقعوں پر پہچانے جاتے ہیں۔ ''بہادر'' لڑائی کے وقت ''دانا'' غصے کے وقت اور ''دوست'' حاجت کے وقت۔

□ اپنی حیثیت کے مطابق صدقہ دینا احسن عمل ہے۔

□ خواب میں اونچی اڑانیں بھرنے سے زندگی کی پستیاں تو ختم نہیں ہوتیں۔

□ پیغمبر کے بعد سب سے بڑا رتبہ والدین اور استاد کا ہے۔

عظیم لوگ، عظیم باتیں

□ سورج اور سورج مکھی کے حیرت انگیز تعلق میں کتنا گہرا راز پوشیدہ ہے۔ (بلیک)

□ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ میں نے قتل کرنے والا کوئی ہتھیار ایجاد نہیں کیا۔ (ایڈیسن)

□ آزادی صحافت میں جھوٹ بولنے کی آزادی نہیں ہے۔ (پاپ)

□ ہماری نفرت ہمارے دشمنوں کو کم اور ہمیں زیادہ نقصان پہنچاتی ہے۔ (پلیٹو)

□ مصیبتیں ہمیشہ آزمائش کے لئے آتی ہیں جو آزمائش پر پورا اترتا ہے وہی کامیاب رہتا ہے۔

سنہری باتیں

(۱) ارادے کی طاقت پیسے کی طاقت سے زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) بہادر وہ ہے جو اپنی خواہشات پر قابو پا لے۔

(۳) جو پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

(۴) ذہین ناکام ہو سکتا ہے لیکن محنتی کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

(۵) آخرت کا کام ہر صورت میں آج کر دینا چاہئے کیونکہ کل آپ کی زندگی کا بھروسہ نہیں۔

(۶) کامیابی کا ایک بڑا راز خود اعتمادی ہے۔

(۷) نیک نیتی اور محنت کے ساتھ بڑی سے بڑی کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔

(۸) اگر دنیا میں فلاح چاہتے ہو تو والدین کی خدمت کرو۔

(۹) کچھ مانگنا ہو تو صرف خدا سے مانگو کیونکہ تمام دنیا کو وہی دیتا ہے۔

(۱۰) مثبت سوچ زندگی کو پرسکون بناتی ہے۔

منتخب اشعار

ورق ورق ہوئے پھرتے ہیں ترے کوچے میں
ہمارا حال شکستہ کتاب جیسا ہے

□

آغاز کائنات میں جس کی تلاش تھی
اوراق زندگی میں وہ افسانہ مل گیا

□

فقیر وقت بھی تدبیر رزق رکھتا ہے
دعا میں بیچ کے بچوں کا پیٹ بھرتا ہے

□

بہت خراب ہے ماحول اس زمانہ کا
نکلنا گھر سے تو ماں باپ کی دعا لے کر

□

اپنا تو کام ہے کہ جلاتے رہو چراغ
رستے میں خواہ دوست یا دشمن کا گھر ملے

□

اک نام کیا لکھا تھا ترا ساحل کی ریت پر
پھر عمر بھر ہوا سے میری دشمنی رہی

□

ایک سازش سے الٹ جاتی ہے شاہی ساری
ایک دشمن پس دیوار بہت ہوتا ہے

تکلیف

حضرت سفیان ثوریؒ اکثر اس بات پر زور دیتے ہیں کہ لوگوں سے واقفیت کم کرو، کیونکہ ان کی واقفیت میں سوائے نقصان کے تجھے کچھ حاصل نہ ہوگا اور انسان کو ہمیشہ تکلیف واقف سے ہی پہنچتی ہے اجنبی سے نہیں۔

حقیر جاننا

حکیم لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی۔ ''اے بیٹے! تو حلال کی کمائی کے ذریعہ فقر سے بچ، کیونکہ جو محتاج ہوتا ہے اس پر تین آفتیں آتی ہیں۔ دین میں ضعف، عقل میں کمی اور مروت کی معدومی۔ یہ تمام مصیبتوں سے بڑھ کر ہے اور ان تینوں سے بڑھ کر لوگوں کا مفلس کو حقیر جاننا۔''

◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆

قسط نمبر ۱۲۴

علاج بالقرآن

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

دعوت سورۂ مزمل

یہ طریقہ حضرت نظام الدین اولیاء سے منسوب ہے۔ حضرت نظام الدین سلسلہ قادریہ چشتیہ کے مستجاب الدعوات ولی تھے۔ آپ نے اس عمل کا فیض بھی پوری طرح اٹھایا تھا۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس عمل کا پابند رہے گا، بڑے بڑے حکماء اور افسران اس کے سامنے گردن جھکانے پر مجبور ہوں گے۔ مہمات وفتوحات میں اس کو کامیابی ملے گی اور جس کے لئے بھی دعا کرے گا قبول ہوگی اس عمل کی پابندی سے انسان درجہ ولایت کو پہنچتا ہے اور اس پر روحانی دولتوں کی موسلا دھار بارش برستی ہیں۔

دعوت سورۂ مزمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو نصف شب میں غسل کرکے نیا لباس پہن کر پاک صاف لباس پہن کر کپڑوں کو عطر سے معطر کرکے اس عمل کی شروعات کریں اور یہ لباس جو پہلی رات پہنیں گے اسی عمل کے لئے مخصوص کردیں۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد تنہائی میں اس عمل کی شروعات کریں۔ اول گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں۔ جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ تا وَكِيْلًا تک پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یا رَبُّ یا وَکِیْلُ پڑھیں اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں۔ یا رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا فِيْ جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ وَكِيْلًا ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا بِقَضَاءِ وَحَوَائِجِنَا كَفِيْلًا۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یا رَبُّ یا وَکِیْلُ یا رَبُّ یا کَفِیْلُ باقی سورۃ کی تلاوت مکمل کریں۔ اس کے بعد پھر اسی طرح سورۂ مزمل کو دوبارہ پڑھیں۔ اور اس طرح گیارہ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ پہلے والا درود شریف پڑھیں۔ عمل کے ختم پر اللہ سے دعا کریں۔ اور اسی جگہ سو جائیں۔ لیکن عمل والا لباس اتار دیں اس لباس کو صرف عمل کے وقت پہنیں۔

اگر اس عمل کو مسجد میں کریں تو ٹوپی یا پگڑی ضرور سر پر رکھیں۔ اگر اس عمل کو گھر میں کریں تو ننگے سر کریں۔ جس دن یہ عمل کریں اس دن کھڑے ہوکر عمل کریں۔ اگلے دن سے بیٹھ کر عمل کریں لیکن چلے کے دوران جب بھی وہ دن آئے جس دن عمل شروع کیا تھا اس دن کھڑے ہوکر ہی عمل کریں۔

مثلاً جمعہ کی شب میں عمل شروع کیا تھا تو ہر جمعہ کی شب میں عمل کھڑے ہوکر کرنا ہے باقی راتوں میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ آخری دن جو بھی دن ہو اس دن بھی کھڑے ہوکر یہ عمل کرنا ہے۔

۴۰ دن گزرنے کے بعد روزانہ اس عمل کو صرف ۳ مرتبہ کریں انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دعائیں قبول ہوں گی اور عامل جس کے لئے بھی اور جس مقصد سے بھی دعا کرے گا قبول ہوگی۔ دوران چلہ اگر پرہیز جلالی کرلیں تو ایسے مشاہدات عامل کو ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی۔ مبشرات کے ذریعہ بشارتیں ہوں گی اور بزرگان دین کی روحانی توجہ سے عامل مسلسل بہرہ ور ہوگا۔ دعوت سورۂ مزمل کا یہ عمل اکثر اولیاء کے معمولات میں شامل رہا ہے اور اس عمل کے ذریعہ انہوں نے اللہ کے بندوں کی زبردست روحانی خدمت کی ہے۔ اس عمل کے بعد اگر عامل کسی مریض کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کرے گا تو مریض شفایاب ہوجائے گا۔ مریض کیسا بھی ہو عامل کی دعا کی برکت سے مریض کو شفاء اور صحت نصیب ہوگی۔

اس عمل کے بعد عامل جس مقصد کے لئے بھی اپنے ہاتھ اٹھائے گا پروردگار عالم اس کی دعا کو قبول کریں گے اور اس کو مستجاب الدعوات ہونے کا شرف حاصل ہوجائے گا۔

عامل کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ رزق حلال کا خود کو پابند بنائے اور اپنی زبان کو جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے محفوظ رکھے تاکہ عمل کی تاثیر میں رخنہ پیدا نہ ہو۔ دعوت سورۂ مزمل ایک عظیم دولت ہے۔ اور اس دولت سے ہر صاحب ایمان کو مستفیض ہونا چاہئے۔

(باقی آئندہ)

ذرا سوچئے

"مردہ اور زندہ قوموں کی مثالیں سب آنکھوں کے سامنے ہیں۔ اگر عرب اپنی ترقی کے عہد میں یونانی کو ذریعہ تعلیم بناتے، اور یورپ کی قومیں اپنی زبانوں کو چھوڑ کر لاطینی میں تعلیم دیتیں، اور جاپان انگریزی کے ذریعہ اپنے ملک میں اعلیٰ تعلیم کا رواج دیتا تو کیا یہ وہی نتائج ہوتے جو آج ہم دیکھ رہے ہیں؟ غیر زبان میں، غیر ماحول میں، غیر اصطلاحات میں جو تعلیم دی جائے گی، وہ بھی غیری ہوگی، اپنی نہیں ہوسکتی۔"

(مولانا سید سلیمان ندوی، در رسالہ معارف، بابت دسمبر ۱۹۳۶ء)

یہ خیالات آپ کو صداقت پر مبنی نظر آتے ہیں۔؟ ان الفاظ میں آپ کو سچائی کی جھلک نظر آتی ہے؟ یا یہ آپ کے لئے محض اس لئے ناقابل قبول رہیں گے کہ ان کا لکھنے والا مغرب کے کسی دار العلوم کا سند یافتہ نہیں۔؟ کسی انگریزی کالج یا یونیورسٹی کا عہدہ دار نہیں۔؟ کیا اتنی صاف اور واضح حقیقت بھی آپ کے نزدیک کسی طویل استدلال کی محتاج ہے۔؟ کیا اتنی کھلی ہوئی اور موٹی بات بھی آپ کی سمجھ میں نہیں آتی۔؟ پھر یہ کیا ہے، کہ ڈیڑھ سو برس سے آپ کو اپنے ملک میں اسی غیر ملکی زبان تعلیم کا تجربہ ہو رہا ہے اور پھر بھی آپ کا جی نہیں بھرا ہے۔؟ ڈیڑھ صدی ہوگئی، کہ اپنے دیس میں رہ کر آپ پردیسی بنے ہوئے ہیں اور اپنے بچوں کو اپنی اور ان کی بولی میں "علوم فنون" سکھانے میں آج تک ہچکچا رہے ہیں۔! اپنے علوم آپ کی نظر میں حقیر اپنے فنون آپ کی نگاہ میں قابل تحقیر اپنے ہاں کے مصنفین آپ کے خیال میں بے وقعت، اپنے ہاں کی کتابیں آپ کے نزدیک خرافات، سب سے بڑھ کر کمال یہ کہ خود اپنی زبان سے آپ کو وحشت اور اپنی آواز سے آپ کو نفرت! اس کے بعد بس یہی ایک درجہ باقی رہ جاتا ہے کہ اپنی صورت سے بھی آپ کو وحشت ہونے لگے۔ ورنہ غلامانہ ذہنیت کی ترقی و کمال کے اور سارے مراتب تو طے ہی فرمائے جا چکے ہیں۔ فرعون کے زمانہ میں بنی اسرائیل کے خدا معلوم کتنے معصوم بچے تلوار کے گھاٹ اتر گئے، لیکن اس ظالم و جابر کے زمانہ میں بھی بنی اسرائیل کی ذہنیت اس قدر مسخ نہیں ہوئی تھی کہ انہیں خود اپنی قوم اپنے مذہب اپنی تاریخ، اپنے علوم، اپنی زبان، غرض اپنی "اسرئیلیت" باعث شرم نظر آنے لگے۔ برطانیہ کو اگر یہ فخر حاصل ہے کہ وسعت اثر، احاطہ حکومت اور شاطرانہ سیاست کے لحاظ سے بساط کائنات پر اس کا کوئی مدمقابل نہیں، تو ہم اہل ہند کی غیرت بھی اپنی اس جنگ میں کسی کو شریک نہیں دیکھ سکتی کہ دماغی مرعوبیت اور غلامانہ ذہنیت کو اس کی انتہا تک پہنچانے والے ہم ہی ہیں۔!

"اپنے" علوم کو چھوڑ کر "ان کے" علوم آپ نے اس لئے حاصل کرنا شروع کئے تھے کہ "دین" اگر بگڑتا ہے تو بگڑے پر "دنیا" تو سنبھل جائے۔ لیکن کاش اسی خواب کی تعبیر پوری ہوئی ہوتی۔! دین اگر کھویا تھا تو کاش دنیا ہی کچھ سدھری ہوتی۔! انگریزی مدرسہ کا ہندوستانی طالب علم اپنی زبان بہ آسانی بھلا دیتا ہے لیکن اس آسانی سے وہ انگریزی زبان نہیں سیکھ جاتا۔ ہمارے بے شمار ہم وطن جو اپنی جوانی ہی نہیں ساری ساری زندگانی انگریزی زبان اور انگریزی علوم کے سیکھنے میں ختم کر دیتے ہیں۔ ان میں سے کتنے ایسے نکلتے ہیں جن کی انگریزی دانی اور مہارت علوم انگریزی کو خود انگریز تسلیم کرتے ہیں۔؟ مستثنیات کا ذکر نہیں، سوال عام حالت سے متعلق ہے۔؟ یہ واقعات روزمرہ آپ کے مشاہدہ و تجربہ میں آتے رہتے ہیں، ان پر غور کرنے کے بعد آپ کے طرز عمل میں تبدیلی کا دن بھی آخر کبھی آئے گا۔؟ یا فرنگی زبان، فرنگی علوم، فرنگی درس گاہوں کے ساتھ آپ کی محبت و عقیدت، خدانخواستہ ہمیشہ اسی طرح باقی رہے گی۔؟ الہ آباد کا پیر ظریف اپنے مخصوص رنگ میں کیا خوب کہہ گیا ہے۔

مرزا غریب چپ ہیں ان کی کتاب ردی
بدھو اکڑ رہے ہیں "صاحب" نے یہ کہا ہے!

کیا یہ محض دل لگی ہے۔؟ کیا اس فلسفی کی بات پر آپ کا دل نہیں روتا۔؟

اسماء رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی

عظمت وافادیت

حسن الہاشمی
فاضل دار العلوم دیوبند

قسط نمبر: ۴۲

سیدنا الشارع صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام "سیدنا الشارع" بھی ہے اس کے معانی ہیں دین پھیلانے والے اور دین سکھانے والے۔

اس اسم مبارک کے اعداد ۵۷۱ ہیں۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ دین پر چلنا اس کے لئے آسان ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اس اسم مبارک کا ورد بہ کثرت کرے۔

□ بعض بزرگوں سے مروی ہے کہ اس اسم مبارک کا روزانہ سو مرتبہ ورد کرنے سے دین وشریعت کے تقاضے پورے کرنے کی توفیق عطا ہوتی ہے اور انسان کے اندر تقویٰ اور پرہیزگاری کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔

□ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کو ۲۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کو توحید وسنت کی پاسداری کرنے کی توفیق عطا ہوگی۔

□ اس اسم مبارک کا نقش طبیعت کے اندر تقویٰ، پرہیزگاری اور دین وشریعت کی سمجھ پیدا کرنے میں مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۴	۱۴۵	۱۴۹	۱۳۵
۱۴۸	۱۳۶	۱۴۱	۱۴۶
۱۳۷	۱۵۱	۱۴۳	۱۴۰
۱۴۲	۱۳۹	۱۳۸	۱۵۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹۱	۱۸۶	۱۹۴
۱۹۳	۱۹۰	۱۸۸
۱۸۷	۱۹۵	۱۸۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۸	۱۴۳	۱۴۱	۱۴۹
۱۵۰	۱۴۰	۱۴۶	۱۴۵
۱۴۴	۱۴۷	۱۳۸	۱۴۲
۱۳۹	۱۵۱	۱۳۶	۱۳۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۸۷	۱۹۳	۱۹۱
۱۹۵	۱۹۰	۱۸۶
۱۸۹	۱۸۸	۱۹۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا

جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۹	۱۴۵	۱۴۲	۱۳۵
۱۴۱	۱۳۶	۱۴۸	۱۴۶
۱۴۳	۱۴۰	۱۳۷	۱۵۱
۱۳۸	۱۵۰	۱۴۴	۱۳۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹۱	۱۹۳	۱۸۷
۱۸۶	۱۹۰	۱۹۵
۱۹۴	۱۸۸	۱۸۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، د، ح، خ، ل، ع، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۴	۱۳۹	۱۳۸	۱۵۰
۱۳۷	۱۵۱	۱۴۳	۱۴۰
۱۴۸	۱۳۶	۱۴۱	۱۴۶
۱۴۲	۱۴۵	۱۴۹	۱۳۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۸۹	۱۹۵	۱۸۷
۱۸۸	۱۹۰	۱۹۳
۱۹۴	۱۸۶	۱۹۸

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل سیدنا الشارع صلی اللہ علیہ وسلم ۱۵۷ مرتبہ پڑھ کر ان پر دم کردے تو ان کی تاثیر دگنی ہو جائے۔

سیدنا الجائع صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا الجائع بھی ہے۔ اس کے معانی ہیں بھوکے رہنے والے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیاری غربت کو پسند کیا تھا اور دین پھیلانے کی خاطر بھوک کی شدت کو برداشت کیا اس لئے آپ کو سیدنا الجائع بھی کہا جاتا ہے۔

اس اسم مبارک کے اعداد ۱۳۴۳ ہیں۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ وہ اپنے رب کا شکر گزار بندہ بن جائے اور اس کے اندر صبر وضبط کی قوت بھی پیدا ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ نماز مغرب کے بعد اس اسم مبارک کو پچاس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ اللہ کی رضا میں راضی رہے اور اس کا قلب اللہ کے ہر فیصلے پر مطمئن اور شاداں رہے تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ورد سو مرتبہ کیا کرے۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسم مبارک کا بہ کثرت ورد کرنے سے طبیعت میں قناعت پیدا ہوتی ہے اور طمع، لالچ اور حرص وہوس سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

□ اس اسم مبارک کا نقش طبیعت کے اندر استقلال، قناعت اور صبر وشکر پیدا کرتا ہے اور انسان اللہ کی ہر عطا پر راضی برضا رہتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ش، ف، م، یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۳۹	۴۲	۴۸
۴۱	۴۹	۳۳	۴۰
۳۰	۴۴	۳۷	۴۳
۳۸	۳۲	۳۱	۳۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۹	۴۴	۵۱
۵۰	۴۸	۴۶
۴۵	۵۲	۴۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۳۷	۳۴	۴۲
۴۳	۳۳	۴۰	۲۸
۳۸	۳۰	۴۱	۳۵
۳۲	۴۴	۲۹	۳۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۵	۵۰	۴۹
۵۲	۴۸	۴۴
۴۷	۴۶	۵۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کر لے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۲۸	۳۵	۳۹
۳۴	۴۰	۴۱	۲۹
۳۷	۳۳	۳۰	۴۴
۳۱	۴۳	۳۸	۳۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۹	۵۰	۴۵
۴۴	۴۸	۵۲
۵۱	۴۶	۴۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، غ یا ع ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کر لے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۳۲	۳۱	۴۳
۳۰	۴۴	۳۷	۳۳
۴۱	۲۹	۳۴	۴۰
۳۵	۳۹	۴۲	۲۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۷	۵۲	۴۵
۴۶	۴۸	۵۰
۵۱	۴۴	۴۹

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل سیدنا الیاس علیہ السلام ۱۴۴ مرتبہ پڑھ کر ان نقوش پر دم کر دے تو ان کی قوت وتاثیر دگنی ہو جائے۔

مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش سیدھے بازو پر باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش کو الٹے بازو پر باندھیں۔

(باقی آئندہ)

☆☆☆☆☆☆☆

وقت

وقت کو روئی کے گالوں کی طرح سے علم وحکمت کے چرخے سے کات کر اس کا قیمتی لباس بنا کر اپنی شخصیت کو نکھار لے ورنہ جہالت کی آندھیاں اڑا کر کہیں پھینک دیں گی اور وقت دوبارہ نہ تو موقع دیتا ہے اور نہ ہاتھ آتا ہے۔ وقت بے رحم ہے، ظالم ہے، قاتل ہے۔

ایک منہ والا رودراکش

پہچان

رودراکش پیڑ کے پھل کی گٹھلی ہے۔اس گٹھلی پر عام طور پر قدرتی سیدھی لائنیں ہوتی ہیں۔ان لائنوں کی گنتی کے حساب سے رودراکش کے منہ کی گنتی ہوتی ہے۔

فائدہ

ایک منہ والا رودراکش میں ایک قدرتی لائن ہوتی ہے۔ایک منہ والے رودراکش کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے ہی سے انسان کی قسمت بدل جاتی ہے تو پہننے سے کیا نہیں ہوگا۔یہ بڑی بڑی تکلیفوں کو دور کر دیتا ہے۔جس گھر میں یہ ہوتا ہے اس گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے۔

ایک منہ والا رودراکش سب سے اچھا مانا جاتا ہے۔اس کو پہننے سے بھی طرح کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔چاہے وہ حالات کی وجہ سے ہوں یا دشمنوں کی وجہ سے۔جس کے گلے میں ایک منہ والا رودراکش ہے اس انسان کے دشمن خود ہار جاتے ہیں اور خود ہی پسپا ہو جاتے ہیں۔

ایک منہ والا رودراکش پہننے سے یا کسی جگہ رکھنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے۔یہ انسان کو سکون پہنچاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قدرت کی ایک نعمت ہے۔

ہاشمی روحانی مرکز نے اس قدرتی نعمت کو ایک عمل کے ذریعہ اور بھی زیادہ موثر بنا کر عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا ہے اس مختصر عمل کے بعد اس کی تاثیر اللہ کے فضل سے دوگنی ہوگئی ہے۔

خاصیت: جس گھر میں ایک منہ والا رودراکش ہوتا ہے اللہ کے فضل سے اس گھر میں بفضل خداوندی خوشیاں اور سکون ہوتا ہے۔ناگہانی موت سے حفاظت رہتی ہے، جادو ٹونے اور آسیبی اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور نجات بھی ملتی ہے، ایک منہ والا رودراکش بہت قیمتی ہوتا ہے اور بہت کم ملتا ہے۔یہ چاند کی شکل کا یا کاجو کی شکل کا بھی ہوتا ہے جو کہ عام طور پر دستیاب ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔اصلی ایک منہ والا رودراکش جو گول ہونا ضروری ہے جو کہ مخصوص مقامات میں پایا جاتا ہے۔جو کہ مشکل سے اور بہت کوششوں سے حاصل ہوتا ہے۔ایک منہ والا رودراکش گلے میں رکھنے سے گلا کبھی پیسے سے خالی نہیں ہوتا۔اس رودراکش کو ایک مخصوص عمل کے ذریعہ مزید معتبر بنایا جاتا ہے۔یہ اللہ کی ایک نعمت ہے اس نعمت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں اور کسی وہم میں مبتلا نہ ہو۔

ملنے کا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند

شائقین اس نمبر پر رابطہ قائم کریں۔ 9897648829

سلسلہ علم الاعداد

شادیاں ناکام کیوں ہوتی ہیں

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند

آج کے دور میں اکثر و بیشتر شادیاں ناکام ہو رہی ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں اور ان ہی میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ عورت اور مرد کے اعداد ایک دوسرے سے کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔

تجربات زمانہ سے یہ بات ثابت ہے کہ نام کے اعداد ہر انسان کی شخصیت پر اور اس کے حالات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ میاں بیوی کے اعداد اگر ایک دوسرے سے متصادم ہوں تو پھر ان کے درمیان میل ملاپ نہیں ہو پاتا۔ اسباب و علل کی اس دنیا میں جہاں دوسری وجوہات کو پیش نظر رکھ کر شادیاں کی جاتی ہیں وہاں میاں بیوی کے اعداد پر بھی غور کرنا چاہئے۔ میاں بیوی میں اتفاق ہوگا یا نہیں۔ اس کا اندازہ کرنے کے لئے میاں بیوی کے نام اور ان کی والدہ کے نام کے اعداد کا [illegible]ل کر ان کا مفرد عدد برآمد کرنا چاہئے۔ اس کے بعد ذیل میں دیئے گئے چارٹ میں دیکھنا چاہئے کہ کونسا عدد کس عدد کے ساتھ موافقت کرتا ہے اور کونسا عدد کس عدد کا مخالف عدد ہے۔

مثال: نام محمد ساجد اعداد ۱۹۰
نام والدہ عزیزہ بیگم اعداد ۱۷۱
ٹوٹل ۳۳۱ مفرد عدد سات

نام زوجہ پروین اعداد ۲۹۸
نام والدہ اختری بانو اعداد ۱۲۴۰
ٹوٹل ۱۵۳۸ مفرد عدد آٹھ

نتیجہ: شادی کا ابتدائی دور اچھا نہیں گزرے گا۔ بعد میں تعلقات ٹھیک رہیں گے۔

دیگر اعداد کی تفصیلات مندرجہ ذیل چارٹ سے معلوم کریں۔ اور اس کا فائدہ اٹھائیں۔

ایک اور ایک	دونوں کی زندگی بہت خوشگوار رہے گی	۲ اور ۸	ابتدا میں محبت کریں گے پھر جھگڑے شروع ہو جائیں گے	۵ اور ۵	انجام جدائی اور طلاق
ایک اور ۲	قابل رشک زندگی گزارنے کی علامت ہے	۲ اور ۹	ایک دوسرے کی قدر کریں گے	۵ اور ۶	دونوں میں موافقت رہے گی
ایک اور ۳	نااتفاقی اور خانہ جنگی میں مبتلا رہیں گے	۳ اور ۳	شادی محبت کی ہوگی انجام بے وفائی	۵ اور ۷	قابل رشک زندگی بسر کریں گے
ایک اور ۴	انجام طلاق	۳ اور ۴	طلاق کا اندیشہ رہے گا	۵ اور ۸	دونوں میں پیار محبت ہوگا
ایک اور ۵	معتدل زندگی گزاریں گے	۳ اور ۵	طلاق ہو جائے گی	۵ اور ۹	دونوں میں اعتدال کے ساتھ زندگی گزاریں گے
ایک اور ۶	ایک دوسرے کے ساتھ مددگار رہیں گے	۳ اور ۶	لڑائی جھگڑا نوبت طلاق	۶ اور ۶	قابل تعریف زندگی بسر کریں گے
ایک اور ۷	اولاد کا غم دیکھنا پڑے گا	۳ اور ۷	ایک دوسرے پر جان نچھاور کریں گے	۶ اور ۷	اعتدال قائم رہے گا

ایک اور ۸	غربت مفلسی اور رنج وغم کا سامنا کرنا پڑے گا	۱۳ اور ۸	ٹھیک زندگی گزاریں گے	۱۶ اور ۸	قابل رشک زندگی گزاریں گے
ایک اور ۹	انجام بہتر ہوگا زندگی معتدل رہے گی	۱۳ اور ۹	لڑیں گے لیکن جدا نہیں ہوں گے	۱۶ اور ۹	میانہ انداز کا تعلق ہمیشہ قائم رہے گا
۱۲ اور ۲	دونوں خوشگوار زندگی گزاریں گے	۱۴ اور ۴	انجام طلاق اور جدائی	۱۷ اور ۷	بے مثال ازدواجی زندگی گزاریں گے
۱۲ اور ۳	لڑائی جھگڑا، انجام طلاق	۱۴ اور ۵	انجام طلاق اور جدائی	۱۷ اور ۸	شروع میں اختلاف رہے گا بعد میں موافقت ہوجائے گی
۱۲ اور ۴	ہر وقت لڑائی جھگڑا لیکن طلاق نہیں ہوگی	۱۴ اور ۶	اچھی اور بے مثال جوڑی	۱۷ اور ۹	دونوں کے مزاج میں اختلاف رہیگا
۱۲ اور ۵	ذہنی سکون حاصل نہیں ہوگا	۱۴ اور ۷	قابل رشک زندگی گزاریں گے	۱۸ اور ۸	بے مثال جوڑی
۱۲ اور ۶	ایک دوسرے پر الزام تراشی کرتے رہیںگے	۱۴ اور ۸	ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار	۱۸ اور ۹	ہر اعتبار سے خوشگوار زندگی گزاریں گے
۱۲ اور ۷	ایک دوسرے کے قدر دان رہیں گے	۱۴ اور ۹	جنگ وجدل ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالنے والے	۱۹ اور ۹	ہمیشہ جنگ وجدال کا شکار رہیں گے لیکن طلاق نہیں ہوگی

روزہ اور ڈاکٹر کی تحقیق

ڈاکٹروں نے یہ تحقیق کی ہے کہ ایک مہینے کے روزے رکھنے سے بہت سی بیماریاں انسان کے جسم سے خود بخود ختم ہوجاتی ہیں۔ روزہ کا فائدہ آخرت میں تو ہے ہی جسمانی طور پر بھی روزے کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ کئی بندے اس دنیا میں ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے گھر کا باتھ روم غریب آدمی کے گھر سے بڑا ہوتا ہے۔ یہ لوگ پورے سال اپنی مرضی سے کھاتے پیتے ہیں اور انہیں دنیا کی ہر نعمت میسر رہتی ہے۔ انہیں اندازہ نہیں ہوتا کہ بھوک کیا ہے اور غربت کسے کہتے ہیں۔ اللہ نے روزے فرض کیے تاکہ مالدار لوگ بھی بھوک کا مزہ چکھیں اور انہیں اندازہ ہو کہ انسان جب بھوکا رہتا ہے تو اس کے دل پر کیا گزرتی ہے۔ اس طرح روزے سے جسمانی اور روحانی فائدے حاصل ہوجاتے ہیں۔ روزہ گناہوں سے ڈھال بنتا ہے، صحت کیلئے کبھی کبھی فاقہ تریاق ثابت ہوتا ہے اور روزے سے یہ بھی اندازہ ہوجاتا ہے کہ بھوک کسے کہتے ہیں۔ اور اس دنیا میں اللہ کے غریب بندے کس طرح دن رات گزارتے ہیں۔

دعا کیا ہے؟

شاید آپ نے کبھی سوچا ہو کہ دعا کیا ہے۔؟ دعا نام ہے قلب کی کشادگی کا۔ جس طرح کسی دوست پر بھروسہ کرتے ہوئے آپ اس کو اپنے دل کا حال سناتے ہیں، اپنا ہر غم اور ہر دکھ اس کے سامنے رکھتے ہیں اسی طرح ایک بندہ اپنا دکھڑا اپنے رب کے سامنے روتا ہے اور اس سے ہمدردی اور التفات کا امیدوار ہوتا ہے۔ اصل دوستی وہ ہے جس میں خود غرضی کا شائبہ تک نہ ہو۔ اللہ سے ہمارا تعلق کیسا بھی ہو لیکن اللہ کا تعلق اپنے بندوں سے بے غرض ہوتا ہے اللہ ہمارا رازق بھی ہے خالق بھی ہے، مالک بھی ہے اور اچھا دوست بھی ہے۔ دعا اپنے دوست سے اپنا غم بیان کرنے کا ذریعہ ہے اور دعا کے ذریعہ ہم اپنے رب سے قریب ہوجاتے ہیں۔ اس لئے دعا کو عبادت کا مغز قرار دیا گیا ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو صبح شام اپنے رب سے اپنی ضروریات بیان کرتے ہیں۔ اور اس طرح اپنے رب کے قریب رہتے ہیں دعا قبول بھی نہ ہو تب بھی ہمیں قرب خداوندی کا احساس دلاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظائف کی اجازت

سوال از: (نام مخفی)

عرض یہ ہے کہ راقم الحروف سلسلہ قادریہ مجیبیہ میں بیعت ہے۔ مرشد نوراللہ مرقدہ کے وصال ہوجانے کی وجہ سے کچھ اوراد ووظائف کے اور مزید تعلیم نہ ہوسکی۔ حضرتؒ کے وصال کے بعد آپ کے صاحبزادے (ان کا بھی وصال ہوگیا) ان سے اجازت لے کر اوراد شرفی جو حضرت مخدوم الملک یحییٰ منیریؒ کے ارشادات سے مرتب ہے ان کو اس حقیر نے اپنے معمول میں شامل کرلیا ہے اور جن کی مداومت پر سختی سے پابند ہے۔ بیعت ارشاد کی خواہش ہے مگر اپنے سلسلے کے کوئی مرشد دستیاب نہیں ہیں۔

بہر حال طلسماتی دنیا شمارہ جنوری فروری ۲۰۰۹ء میں آپ نے خواص پنجاہ قاف کے زیر عنوان جو دعا (آیت مع اسماء الٰہی) درج فرمایا ہے اس کو یہ حقیر آپ کی اجازت سے اپنے معمولات میں شامل کرکے ورد کرنا چاہتا ہے اگر مناسب سمجھیں تو اس کی اجازت دیں۔

مؤدبانہ عرض ہے کہ اجازت کے ساتھ میرے نام کا مفرد عدد، کلی نمبر، برج، ستارہ، اسم اعظم، مبارک تاریخیں، اور غیر مبارک تاریخیں، مبارک رنگ، پتھر نگینہ وغیرہ بھی تحریر فرمادیں تو مہیں نوازش ہوگی۔

ایک اور بات کی اجازت چاہوں گا کہ جو دعائیں مخصوص حاجات کے لئے طلسماتی دنیا میں شائع ہوتی رہتی ہیں ان کو پڑھ سکتا ہوں اور اکثر دوسرے ضرورت مند حضرات کو بتا سکوں تاکہ وہ ان کے ورد سے اپنے مسائل کے حل کی دعا کریں۔ ویسے اس حقیر کی صحت بالکل بفضلہ تعالیٰ ٹھیک ہے صرف سینے میں جلن کی شکایت رہتی ہے ہر کھانے اور ناشتے کے ایک آدھ گھنٹہ کے بعد علاوہ کمر کے درد کی تکلیف رہتی ہے۔ دوا لینے کے بعد میں افاقہ نہیں ہوتا۔ اہلیہ کو کوتاہ دمی کی شکایت بہت ساری دوائیں دی گئیں اور دی جاتی ہیں مگر افاقہ نہیں ہوتا ان کے اور اس حقیر کے لئے بھی کچھ دعائیں بتادی جائیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ صحت عطا فرمادے۔

کچھ مصلحت کی بنا پر گزارش ہے کہ حقیر اور حقیر کی اہلیہ کا نام و پتہ وغیرہ مخفی رکھا جائے اور شائع نہ کئے جائیں۔ امید ہے جواب طلسماتی دنیا کے کسی قریبی اگلے شمارے میں شائع فرماکر ممنون فرمائیں گے۔

آپ کو اللہ جزائے خیر عطا فرمائے۔ قابل تعریف ہے اور آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی خاص نوازش ہے کہ آپ تنہا اتنے مصروفیات کے بعد بھی اپنے قارئین کو مایوس نہیں کرتے۔ اللہ سے دعا ہے کہ آپ کو مزید ہمت، طاقت اور عمر درازی عطا فرمائے۔ آمین۔

جواب

جنوری فروری ۲۰۰۹ء کے شمارے میں پنجاہ قاف کے ساتھ جو اسماء الٰہی نقل کئے گئے ہیں۔ ان کے ورد کی آپ کو اجازت دی جاتی ہے۔ ان اسماء الٰہی کو ان کے اعداد کے ساتھ اپنے ورد میں رکھیں۔ انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ آپ کو پہنچے گا۔

آپ کے نام کا مفرد عدد ۵ ہے۔ آپ کا کلی عدد بھی ۵ ہی ہے۔ آپ کا اسم اعظم "یاسلام" ہے۔ عشاء کے بعد ۱۳۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

آپ کی مبارک تاریخیں ۵، ۱۴، اور ۲۳ ہیں۔ آپ کا دشمن عدد ۲ اور ۴ ہے۔ آپ کو بفضل خدا عقیق اور مونگا راس آئیں گے۔ آپ نے چونکہ اپنی تاریخ پیدائش نقل نہیں کی ہے اس لئے برج اور ستارہ کی نشاندہی کرنا مشکل ہے۔

ماہنامہ طلسماتی دنیا میں جو دعائیں اور وظائف نقل کئے جاتے ہیں ان کی آپ کو اجازت دی جاتی ہے اور فلاح وافادیت کی خاطر آپ دوسرے حضرات کو بھی ان کی اجازت دے سکتے ہیں۔ اپنی اہلیہ کو اس بات کی تاکید

کریں کہ وہ روزانہ "یارحیم" دوسو مرتبہ پڑھا کریں اور رات کو سونے سے پہلے ۱۹ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیا کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے انہیں مذکورہ بیماری سے نجات مل جائے گی۔

ہمارے تمام قارئین کے خطوط کسی سیلاب کی طرح آتے ہیں ان سب خطوط کا جواب دینا کسی بھی طرح ممکن نہیں ہے۔ لیکن ہم اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ حتی الامکان خطوط کے جواب رسالے میں یا بذریعہ ڈاک دیئے جائیں۔ پھر بھی بے پناہ مصروفیات کی بناپر اکثر خطوط جواب سے محروم ہوجاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ بار بار یاددہانی کراتے ہیں انہیں اپنے سوالوں کا جواب مل ہی جاتا ہے۔ ماہنامہ طلسماتی دنیا کی تحریک کو آپ قابل تعریف سمجھتے ہیں، خوشی کی بات ہے ہمیں یقین ہے کہ آپ اس تحریک کو فروغ دینے کی جدوجہد بھی کررہے ہوں گے۔ طلسماتی دنیا کو گھر گھر تک پہنچا کر اس کی روشنی کو دور دور تک پھیلا دیجئے۔ یہی ہمارا فریضہ ہے اور یہی آپ کی بھی ذمہ داری ہے اور حق کی اشاعت ہی میں ہماری اور آپ کی بھلائی ہے۔

حزب البحر کی زکوٰۃ

سوال از: لیاقت علی ——— بیکانیر

خدمت خلق میں مصروف ہوں گے دیگر ایک اشکال کا ازالہ کرنا مقصود ہے کہ طلسماتی دنیا مارچ ۲۰۰۱ء کے صفحہ نمبر: ۲۹ پر اعمال حزب البحر کی پہلی قسط میں آپ نے زکوٰۃ کا طریقہ لکھا ہے کہ ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کے روزے رکھے جائیں اور اعتکاف کرکے مغرب بعد عشاء بعد، اور چاشت کی نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ حزب البحر مذکورہ ترتیب سے پڑھیں تو اس اعتبار سے حزب البحر کل ۱۲ مرتبہ زکوٰۃ کے دوران پڑھی جائے گی اور یہی طریقہ آپ نے اپنی تصنیف حزب البحر میں بھی لکھا ہے لیکن میں نے ایک مرتبہ آپ سے خط کے ذریعہ سوال پوچھا تو آپ نے پڑھنے کی کل تعداد تین دن کے دوران ۳۶۶ مرتبہ بتائی تھی۔ ان باتوں سے ذہن میں خلجان پیدا ہورہا ہے۔ براہ کرم وضاحت فرمائیں کونسی زکوٰۃ کارآمد ہے۔ وہ ۳۶۶ والی تعداد کسی بھی مہینے میں ادا کی جاسکتی ہے یا نہیں اس اشکال کی وضاحت فرمائیں اور شمارے میں شائع فرمائیں اور احقر لیاقت علی سید کو جو کہ آپ کا شاگرد بھی ہے جس کا نمبر 010-2001 ہے۔ حزب البحر کے تمام عملیات کی خاص اجازت مرحمت فرمائیں۔

جواب

حزب البحر کی زکوٰۃ کا صحیح طریقہ وہی ہے جو ہم نے اعمال حزب البحر میں نقل کیا ہے اور یہ زکوٰۃ ماہ صفر میں ادا کی جاتی ہے۔ آپ کے سوال کے جواب میں زکوٰۃ کا جو طریقہ آپ کو بتایا گیا تھا وہ کسی مصلحت کی بنا پر صرف آپ کے لئے مخصوص تھا۔ لیکن اگر اس کی ادائیگی آپ کے لئے مشکل ہو تو پھر آپ ماہ صفر میں حزب البحر کی زکوٰۃ ادا کرلیں۔ یہ صرف تین دن میں ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخوں میں ادا ہو جائے گی۔

ایک بات یاد رکھیں کہ کسی بھی عمل کا ایک عام طریقہ ہوتا ہے جو بزرگوں سے منقول ہوتا ہے اور اس میں عمومیت ہوتی ہے اور اسی عمل کا کوئی خاص طریقہ بھی ہوتا ہے جو مختلف حالات کی وجہ سے مختلف لوگوں کے لئے خاص ہوتا ہے اس میں خصوصیت ہوتی ہے۔ اگر دوران جہد عملیات عمومیت اور خصوصیت آپ کے پیش نظر رہے تو پھر آپ کسی خلجان میں مبتلا نہیں ہوں گے۔ ایک مرتبہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑا گناہ کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن کو یاد کرکے بھلا دینا۔ ایک دوسری مجلس میں یہی سوال کسی اور شخص نے کیا کہ سب سے بڑا گناہ کونسا ہے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا ماں باپ کی نافرمانی کرنا پھر کسی موقعہ پر کسی شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ پوچھا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑا گناہ کیا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا دیکھئے سوال ایک تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب مختلف تھے۔ دراصل سوال کا جواب سائل کی شخصیت کے پیش نظر دیا جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص سے یہ کہا تھا کہ قرآن کو یاد کرکے بھلا دینا سب سے بڑا گناہ ہے۔ اس کے بارے میں آپ کو یہ اندازہ تھا کہ یہ انسان لاپرواہ ہے۔ اور اس وقت قرآن کو یاد کرنے میں مصروف ہے۔ آپ نے اس کی لاپرواہی کی بناپر یہ سمجھا کہ یہ قرآن کی دولت کو محفوظ کرنے کے بعد ضائع بھی کرسکتا ہے۔ اس لئے آپ نے اس سے کہا کہ قرآن کو یاد کرکے بھلا دینا سب سے بڑا گناہ ہے۔ جس شخص کو آپ نے یہ جواب دیا تھا کہ ماں باپ کی نافرمانی کرنا سب سے بڑا گناہ ہے اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ تھا کہ یہ شخص ماں باپ کی اطاعت میں کوتاہی کرتا ہے۔ اس لئے آپ نے بطور تنبیہ یہ ارشاد فرمایا کہ دنیا میں سب سے بڑا گناہ اپنے ماں باپ کی نافرمانی کرنا ہے۔ اور جس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جواب دیا کہ سب سے بڑا گناہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا ہے تو اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ تھا کہ یہ شرک اور گمراہی میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

اس تفصیل سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ سوال خواہ ایک ہی ہو جواب سائل کے بدل جانے سے بدل سکتا ہے۔ اس تفصیل کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ بات یاد رکھیں کہ روحانی ڈاک میں ہم جو جواب دیتے ہیں وہ سب کے لئے ضروری نہیں کہ یکساں مفید ہوں۔ اکثر جوابات بے شک سب کے لئے یکساں مفید ہوتے ہیں لیکن سبھی جوابات سب کے لئے ایک جیسے نہیں ہوتے۔ اگر ہم نے بھی آپ کے کسی سوال کے جواب میں حزب البحر کی زکوٰۃ کا طریقہ دوسرا

بتایا ہو تو وہ آپ کے لئے مخصوص ہوگا۔ اور اس کی کوئی خاص وجہ رہی ہوگی جو اس وقت ہمارے ذہن میں نہیں۔

اسم اعظم کا مسئلہ

سوال از: محمد رفیع ——— رام پوری نمبر 436

میں ناچیز اس خط سے پہلے بھی آپ کی خدمت اقدس میں کئی خط ارسال کر چکا ہوں۔ مگر افسوس میرے کسی سوال کا جواب طلسماتی دنیا کے کسی شمارے میں موصول نہیں ہوا۔ عرصہ دراز کے بعد احقر نے پھر ایک بار آپ کو زحمت دی ہے معذرت چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ پہلے کی طرح اطمینان بخش اور واضح جواب سے نواز کر مشکور و ممنون ہوں گے۔ اللہ آپ کی عمر دراز کرے۔

میرا سورۂ یٰسین کا آٹھواں چلہ ختم ہونے کو ہے جس میں ہر مبین پر سلام قولا من رب الرحیم پڑھ رہا ہوں، شاگردی کے کتابچے کے ترتیب وار زکوۃ جو میں نے نکالی اس میں درود شریف کی زکوۃ ادا کی اور آیت الکرسی کے حصار کی زکوۃ نکالی ہے۔ حروف تہجی کی اور نقوش کی زکوۃ نکالنی باقی ہے۔ کتابچے میں جو عمل درج ہے وہ بھی عمل کر رہا ہوں جمعہ کو ایک تسبیح درود شریف سورۂ کہف کی تلاوت تین مرتبہ اسم الٰہی، فجر اور عشاء کے بعد یا سمیع یا مجیب ۱۰۰ مرتبہ مغرب کے بعد نام کے حرف اول کے مطابق اسم الٰہی یا مقتدر ۱۰۰ مرتبہ پڑھ رہا ہوں۔ حضرت میرا نام محمد رفیع ہے۔ آپ اپنی نظر عنایت فرمائیں۔ میرے نام کا پہلا حرف م ہے۔ یا ارادہ جائے گا۔

حضرت والا ایک اور التجا خاص ہے۔ میرا اسم اعظم مجھے معلوم ہو گیا ہے۔ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔ محترم سے درخواست ہے مجھے اس کے پڑھنے کی ترکیب بتادیں۔ کتنی تعداد میں پڑھا جائے گا۔ کتنے دن پڑھنا ہے اور عمل کا وقت مقرر، کس وقت پڑھیں۔ یہ بھی بتائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

اور اس عمل کی اجازت بھی مجھے آپ دیں۔ آپ سے مؤدبانہ اور عاجزانہ گزارش ہے کہ آپ ہماری رہنمائی کریں اور میں بھی آپ کے دوسرے شاگرد کی طرح فرمانبردار بن سکوں اور خدمت خلق کرنے کے قابل ہو جاؤں۔ آمین اللہ آپ کو اجر عظیم عطا کرے۔

جواب

اللہ کا فضل ہے کہ آپ سورۂ یٰسین کے چلّے ذمہ داری کے ساتھ ادا کر رہے ہیں۔ سورۂ یٰسین کے چلوں کے بعد شاگردی کے کتابچے کے دوسرے اسباق کی طرف دھیان دیں اور ذمہ داری کے ساتھ دوسری چیزوں کی بھی زکوۃ ادا کریں۔ کسی بھی لائن میں صرف ذوق سے کام نہیں چلتا جب تک انسان اپنے ذوق کی تکمیل کے لئے اپنے اندر اہلیت پیدا کرنے کی جدوجہد نہ کرے خدمت خلق کرنے کا جذبہ قابل قدر ہوتا ہے لیکن اس جذبے کی تکمیل بھی اسی وقت ممکن ہے جب اس جذبے کو پروان چڑھانے کے لئے اور اسے عمل کرنے کے لئے خادم خود کو خدمت کا اہل بنائے۔

آپ خدمت خلق کرنے کے متمنی ہیں بہت اچھی بات ہے لیکن آپ کی تمنائیں اسی وقت قابل احترام ہوں گی جب آپ خدمت خلق کرنے کے لئے اپنے اندر قابلیت پیدا کرنے کی ہر ممکن جدوجہد کریں اور علم و عمل کی نوک پلک درست کرنے کے لئے دن اور رات ریاضتوں میں مصروف رہیں۔ جب آپ کوشش کریں گے تو آپ کے اندر اللہ کے فضل سے وہ صلاحیتیں پیدا ہو جائیں گی جو ایک مخلص اور سچے خادم کے اندر ہونی چاہئیں۔

آپ کا نام محمد رفیع ہے۔ اس نام میں پہلا حرف م ہے۔ آپ کے نام کے کل اعداد ۴۵۲ ہیں۔ اپنے اسم اعظم کو ۴۰ دن تک روزانہ ۴۵۲ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد ہمیشہ اسی تعداد میں عشاء کے بعد پڑھتے رہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو تمام ریاضتوں کی تکمیل کرنے کی توفیق اور ہمت عطا کرے اور آپ کو روحانی عملیات کی لائن میں مہارت حاصل کرنے کے بعد خدمت خلق کی توفیق بخشے۔ آمین۔

مؤکل تابع کرنے کی بے تابی

سوال از: یوسف بٹ ——— کشمیر

آپ کی کتاب مجھے مل گئی اور پڑھتے پڑھتے یہ سوچا کیوں نہ میں آپ صاحبان کے پاس ایک چٹھی بھیجوں تاکہ میری مراد پوری ہو جائے انشاء اللہ۔

عرض یوں ہے جناب کشمیر میں بہت پیر، درویش، فقیروں کے پاس گیا مگر ۴۰،۴۰ دن نکالتے نکالتے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ آخر کار میں تھک گیا اور ناامید ہونے لگا۔ اب آپ صاحبان کی یہ کتاب ملی تو آنسو بہنے لگے، قلم اٹھا کر چٹھی لکھنا شروع کر دیا۔ برائے مہربانی کر کے اس چٹھی کا لحاظ رکھیں اور اس کو ڈسٹ بین (یعنی ردی کی ٹوکری میں نہ ڈالیں) مجھے قسم ہے اوپر والے کی کیونکہ میں بہت تھک گیا ہوں۔ مجھے مہربانی کر کے صاف صاف لکھیں مجھے کیا کرنا ہے۔ ورنہ میں زندگی ایسے ہی گزارنا شروع کر دوں گا۔

(۱) عرض یوں ہے۔ مجھے مؤکل حاصل کرنے کا بہت شوق ہے۔

(۲) مجھے یہاں دربار نہیں سجانا ہے تاکہ میرے پاس کوئی آئے بلکہ میں اس کا شوق رکھتا ہوں کہ آنے والے آدمی کا سارا حال یعنی بھید بتاؤں۔ کیوں آئے، کیا کہنا چاہتے ہو۔ اس کی اندرونی خبر مجھے معلوم ہونی چاہئیں۔ یہاں بہت لوگ اسی قسم کے لوگ موجود ہیں۔ جو اندرونی بھید حالات بتاتے ہیں۔ مگر جب ہم ان کے پاس جاتے ہیں اس قسم کا وظیفہ مانگنے کے لئے تو وہ دیتے ہیں اس قسم کے وظائف مگر ۴۰،۲۰ دن گزرنے کے بعد خالی ہاتھ ہوتے ہیں۔ ایک

آپ کی یہ خواہش کہ آپ آنے والے کے بارے میں یہ بتادیں کہ وہ کیوں آیا ہے اس کے دل میں کیا ہے اس کا کیا ارادہ ہے وغیرہ۔ ایک بچکانہ خواہش ہے۔ اچھا عامل بننے کے لئے ان چیزوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور عامل جب موکل تابع کرلیتا ہے اور اس کو روحانی لائن کے تجربات حاصل ہوجاتے ہیں تو ضروری باتوں کا اس کو خود بخود ادراک ہوجاتا ہے لیکن ان باتوں کو اتنی اہمیت نہیں دینی چاہئیں۔ اس طرح کی باتیں تو بہت سے مداری بھی بتادیتے ہیں لیکن مداری کبھی بھی عامل کی گرد کو نہیں پہنچ سکتے۔

آپ نے لکھا ہے کہ آپ ایسے انسان بھی بننا چاہتے ہیں جو خوش اخلاق اور خوش کلامی کے ساتھ اپنے بیوی بچوں میں بیٹھ کر وقت گزار سکیں۔ یہ خواہش آپ کی سب سے زیادہ اہم ہے۔ کیونکہ اس دنیا میں کچھ بھی بننے سے پہلے ایک اچھا انسان ایک اچھا شوہر اور ایک اچھا باپ بننا ہر انسان کے لئے ضروری ہے۔ انسان کتنا بھی فنکار کیوں نہ ہو اگر وہ اپنے گھر والوں کے لئے اچھا نہیں ہے تو اس کی کوئی قیمت نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ محسن انسانیت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آج سے چودہ سو برس سے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ تم میں سے سب سے زیادہ اچھا انسان وہ ہے جو اپنے بیوی بچوں کے حق میں بہتر ہو۔ کچھ بھی بننے سے پہلے آپ اپنے گھر والوں کے لئے معیاری انسان بنیں اور انہیں اپنے حسن اخلاق اور اپنے حسن کلام سے مستفیض کریں۔ درود شریف کی کثرت آپ کے اندر بہت سی خصوصیات پیدا کرسکتی ہے ایک دن میں کم سے کم پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے سینے پر دم کیا کریں۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد آپ کو احساس ہوگا کہ آپ کے اندر خوبیاں پیدا ہورہی ہیں، آپ کے اخلاق میں سدھار آرہا ہے۔ اور آپ کی گفتگو نکھر رہی ہے۔ دیکھئے ہم نے آپ کے خط کو ردی کی ٹوکری میں نہیں ڈالا۔ اب آپ بھی ہمارے مشوروں کو کسی ایسی ٹوکری میں نہ ڈالیں جس میں غیر ضروری سامان رکھا جاتا ہے۔ یقین کرلیں اگر آپ نے ہمارے مشوروں کو سنجیدگی کے ساتھ پڑھا اور پھر ان پر عمل کیا تو آپ ایک دن موکل تابع کرنے کے قابل بھی بنیں گے اور آپ کے اندر وہ جذبات بھی پیدا ہوجائیں گے جو انسان کو دوسرے انسانوں سے ممتاز کرتے ہیں اور اسے مقبول خلائق بناتے ہیں۔

جنات کے بخشے ہوئے دکھ

سوال از: بشیر احمد ———— حیدرآباد

آپ کا ایک طلسماتی دنیا قریب چند مہینے پہلے مجھے ملا اور مجھے بڑی مسرت اور حیرانی ہوئی آپ اتنا بڑا خزانہ رسالے کی صورت میں چھپوائے ہیں۔ عوام کی مدد کررہے ہیں اور ان کی تکالیف دور کررہے ہیں۔ خدا کے فضل وکرم سے یہ بہت فراخدلی کی بات ہے۔ میری بھی بہت کچھ پریشانیاں ہیں جو میں یہ لکھ رہا ہوں اس کا حرف بہ حرف صحیح لکھ رہا ہوں اور میں امید کرتا ہوں کہ آپ کچھ نہ کچھ حل نکال لیں گے۔ میری شادی کو قریب سات سال ہونے کو ہے شادی کے قریب پانچ مہینے بعد سے میری بیوی کی طبیعت خراب ہونا شروع ہوگئی ہے۔ اس کے بدن میں طرح طرح سے درد ہونا شروع ہوگیا۔ کبھی دل میں کبھی سر میں کبھی پیٹ میں، کبھی پیروں میں، کبھی تو وہ نیم بے ہوشی کی حالت میں اونے لگتی ہے۔ اس حالت میں وہ ایک بار میرے گھر سے بغیر کسی کو اطلاع دیئے۔ گھر سے چلی گئی۔ اس وجہ سے ہمارے اور اس کے گھر والوں کے تعلقات بہت خراب ہوگئے۔ نوبت طلاق تک پہنچ گئی تھی۔ لیکن پھر بات چیت سے حالات سدھر گئے، شادی کے دو سال بعد میرے والدین نے مجھے گھر سے نکال دیا وہ بات بات پر بحث کرتے تھے اور میری بیوی سے تو ان کو چڑ ہوگئی، پھر میں قریب ہی ایک کمرہ کرایہ پر لے کر رہنے لگا۔ ایک رات میری بیوی ایک خواب دیکھی ایک بہت بڑا سانپ باہر سے آکر اس کے منہ کے ذریعہ اس کے پیٹ میں چلا گیا۔ ہم نے اس بات کو زیادہ دھیان نہیں دیا پھر کچھ مہینے بعد میں دوسری جگہ پر کرایہ سے رہنے لگا یہاں پر میری بیوی کی خالہ اور دوسرے رشتے دار رہتے ہیں۔ وہاں پر ایک بار وہ رات کو رفع حاجت کے لئے اٹھی اور حمام میں اسے پھینک دیا اسی رات کو وہ خواب میں دیکھی میں باہر سے اسے پکڑنے کے لئے آرہا ہوں اور وہ کمرے کے اندر دروازہ بند کرنے کے لئے کوشش کررہی ہے۔ اس رات کو اس کی طبیعت بہت خراب ہوئی پھر کچھ مہینے بعد قریب ہی ہم لوگ ایک مکان خریدے۔ میں کچھ پیسے ڈالا باقی کے پیسے ہمارے سسرال والے دیئے۔ وہاں پر بھی کچھ مہینے بعد میری بیوی کی طبیعت خراب ہونے لگی اسے طرح طرح کے ڈراؤنے خواب آنے لگے وہ اپنے والدین کے گھر رہنے لگی۔ واپس جب بھی وہ پہلے مکان کو جاتی اس کی طبیعت خراب ہونے لگتی۔ میں نے ابھی تک کئی عاملوں مرشدوں کو بتاچکا ہوں اور پیسے بھی بہت لگاچکا ہوں لیکن کچھ خاص فرق نہیں ہوا۔ میں اب قریب چار سال سے سسرال والوں کے پاس ہی رہ رہا ہوں میرے دو بچے ہیں بڑا لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔ لڑکا چھ سال کا ہے وہ بھی بہکی بہکی باتیں کرتا تھا اور بہت د[illegible] ہوگیا۔ خیر اب تو وہ کچھ ٹھیک ہے اور یہاں گھر کے قریب ایک مرشد ہیں ا[illegible] کے گھر میں چھلا وغیرہ ہے، درگاہ رحمت آباد نیلور کا اس کے ذریعہ سے وہ لوگوں [illegible] دیکھتے ہیں ان کو حاضری وغیرہ بھی آتی ہے۔ ایک دن میری بیوی ان کے پا[illegible] ہی تھی۔ اچانک اس کو پتہ نہیں کیا ہوگیا وہ چیخ مارنے لگی پکارنے لگی۔ درگاہ [illegible] بزرگوں کو اور تکلیف کی تو انتہا ہوگئی، کبھی چلنے میں پریشانی، کبھی بستر سے اٹھ[illegible] میں بھی نہیں آتا تھا۔ پھر اپنی بیوی کے ساتھ درگاہ کو گیا اور پانچ ماہ وہاں پ[illegible] پھر وہ بزرگ خواب میں آکر بتائے کہ بس تھوڑا سا علاج باقی ہے۔ وہ [illegible] میں ہوجائے گا۔ پھر ہم لوگ واپس اپنے شہر آگئے۔ عرس کے وقت درگا[illegible]

جاتے ہیں اور کچھ دن وہاں رہ کر آتے ہیں اور میری بیوی پر حاضری آتی ہے۔ حاضری کے وقت اس کو تکلیف بہت ہوتی ہے اور وہ ہوش میں نہیں رہتی یہ کیفیت گھنٹہ دو گھنٹہ رہتی ہے۔ دو مہینے میں ایک دو بار ایسا ہوتا ہے۔ آپ سے التجا اور گزارش ہے میری اس پریشانی کا کوئی حل نکالئے اور خدا کے واسطے ہماری مدد کیجئے۔ میں زندگی بھر آپ کا احسان مند اور شکر گزار رہوں گا۔

جواب

آپ کی بیوی جنات کے اثرات کا شکار ہے۔ بہتر تو یہ تھا کہ آپ مقامی کسی عامل سے رجوع کرتے تاکہ دوران علاج جو بھی کیفیات سامنے آئیں ان کا مشاہدہ عامل صاحب کرتے اور پھر علاج میں مناسب تبدیلی کرتے یا کسی بھی طرح مریض کو کنٹرول کرتے۔ کیونکہ جنات اور جادو کے علاج میں یہ مشکل درپیش ہوتی ہے کہ کبھی کبھی مرض بڑھتا ہے۔ اور مریض پر اثرات کا زور ہونے لگتا ہے اس وقت عامل اپنی حکمت عملی سے اور مناسب علاج میں تبدیلی سے مریض کو سنبھال لیتا ہے اور اس کے تیمارداروں کو مطمئن کرتا ہے۔ لیکن جب تک آپ کسی عامل سے رجوع نہیں کرتے اس وقت تک اس علاج پر دھیان دیں۔ انشاء اللہ اس علاج سے بھی آپ کی بیوی بچوں کو فائدہ ہوگا۔ آپ کی بیوی زیر اثر ہے اور بچے آپ کی بیوی کی وجہ سے متاثر ہیں۔ لیکن تعویذ بچوں کے گلے میں ڈلیں گے اور پینے کے تعویذ بھی بچوں کو پلانے پڑیں گے صرف بیوی کے علاج سے بات نہیں بنے گی۔ مندرجہ ذیل نقش کو اتنی تعداد میں بنائیں جتنے گھر میں افراد ہیں اور اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھیں اور موم جامہ کرنے کے بعد کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے سب کے گلے میں ڈالیں اور آپ خود اپنے گلے میں بھی ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۹۹۹۶	۳۹۹۹۳	۸
۳۹۹۹۴	۷	۲	۳۹۹۹۵
۶	۳۹۹۹۱	۳۹۹۹۸	۳
۳۹۹۹۷	۴	۵	۳۹۹۹۲

اس نقش کی چال یہ ہے۔ نقش کو موثر بنانے کے لئے اس کی چال کے اعتبار سے لکھیں ورنہ اس کا اثر کم ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یہ چال آتشی چال ہے جو تمام چالوں میں سب سے زیادہ قوی اور موثر مانی جاتی ہے۔ یہی نقش روزانہ گلاب و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر یہ پانی سب کو پلائیں۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کریں۔ انشاء اللہ کتنے بھی شدید اثرات ہوں گے ان سے نجات ملے گی۔ اور اس نقش کو لکھ کر فریم میں فٹ کر کے گھر کی کسی بھی دیوار پر آویزاں کر دیں۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

گھر کی نحوست اور اثرات رفع کرنے کے لئے روزانہ ایک مرتبہ اذان دیا کریں اور اس عمل کو بھی چالیس دن تک جاری رکھیں۔

یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ عمل کوئی سا بھی کریں پورے یقین کے ساتھ کریں اور اپنے رب سے یہ فریاد کرتے رہیں کہ وہ آپ کو ہر طرح کے اثرات اور تکالیف و مصائب سے نجات دے۔ رفع کرنے والی ذات اللہ ہی کی ہے۔ تعویذ وغیرہ محض دوا اور فارمولے کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن یہ فائدہ اس وقت پہنچاتے ہیں جب اللہ کی رضا شامل ہو۔ ورنہ ان کی حیثیت کاغذ کے پرزے سے زیادہ نہیں ہے۔ دعا کے ذریعہ اپنے رب سے تعلق جوڑے رکھیں اور اللہ کو سب سے بڑا، سب سے زیادہ قادر سب سے زیادہ عظیم سمجھتے ہوئے اور اسے رحیم و کریم اور حافظ و ناصر سمجھتے ہوئے اپنے وظائف اور عملیات جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آپ کو مایوسی نہیں ہوگی۔ آپ کی زوجہ کو صحت نصیب ہوگی اور آپ کے بچے بھی اثرات سے نجات حاصل کر لیں گے۔ آپ نے اپنی بیوی کے لئے جو قربانی دی ہے وہ قابل قدر ہے اور آپ کو اس کا اجر و ثواب دونوں جہاں میں مل کے رہے گا۔

سوائن فلو کا علاج

سوال از: عبدالرشید نوری ———— بھوپال

بخدمت شریف حضرت مولانا صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پورے ملک میں خنزیری بخار بڑھتا جا رہا ہے۔ التجا ہے اس کے لئے دعا وظیفہ طلسماتی دنیا میں شائع کریں۔ تاکہ اہل اسلام کی حفاظت ہو۔ اس طرف خاص توجہ دیں۔ اس کا روحانی حل بہت ضروری ہے۔

جواب

اس بخار کا علاج سورۂ فاتحہ اور یا سلام کے نقش کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے سورۂ فاتحہ کا نقش مریض کے گلے میں ڈالیں اور یا سلام کا نقش زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر سوں فلو سے نجات مل جائے گی سورۂ فاتحہ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۳	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھیں اور موم جامہ کرنے کے بعد کالے کپڑے میں پیک کرکے مریض کے گلے میں ڈالیں اور اگر روزانہ صبح شام سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کرتے رہیں تو بہتر ہے۔

"یا سلام" کا نقش جو پینے کے لئے مریض کو دیا جائے وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۳۹	۴۷
۳۶	۴۴	۴۱
۴۰	۴۸	۴۳

انشاء اللہ یہ روحانی علاج دواؤں سے زیادہ مفید اور مؤثر ثابت ہوگا۔

شاگرد بننا چاہتے ہیں

سوال از: علی رضا انصاری ———— ناگپور

میں برابر طلسماتی دنیا پڑھتا ہوں، طلسماتی دنیا میں یہ خبر مجھے جب ملی تو بہت ہی خوش ہوا کہ آپ اپنے علم کو بانٹ رہے ہیں۔ لہٰذا میں نے بھی یہ طے کیا کہ اپنے علم اور معرفت میں اضافہ کروں اور آپ جیسے عالم، معتمد عامل کامل کا شاگرد بن جاؤں۔ امید ہے کہ آپ اپنی شاگردی میں قبول فرمائیں گے۔

ساتھ ہی ساتھ ایک درخواست ہے کہ خط و کتابت کے ذریعہ اپنی چند مشکلات کو بھی آپکے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ جواب عطا فرمائینگے۔

جواب

شاگرد بننے کے لئے جن چیزوں کی ضرورت ہے وہ یہ ہیں۔ اگلے خط میں اپنا مکمل نام اپنے والدین کا نام، اپنی تاریخ پیدائش یا اپنی صحیح عمر اور پانچ سو روپے بطور فیس روانہ کریں۔ اپنا شناختی کارڈ اور راشن کارڈ بھی روانہ کریں۔ اگر کسی مدرسہ یا اسکول سے فارغ ہو تو سند یا سرٹیفکیٹ کی فوٹو اسٹیٹ بھی بھیجیں۔ انشاء اللہ آپ کو شاگرد بناکر آپ کی رہنمائی کی جائے گی لیکن یہ ذہن نشین رکھیں کہ روحانی عملیات کی لائن بہت مشکل بھی نہیں ہے لیکن بہت آسان بھی نہیں ہے۔ اگر آپ کو لگن ہے تو آپ اس لائن کی تمام ریاضتوں کو بھی خوشی برداشت کریں گے لگن ہی انسان کو کسی قابل بناتی ہے۔ صرف شوق پیدا ہو جانے سے انسان میں قابلیت نہیں آتی بلکہ لگن سے انسان ہر جدوجہد کے لئے تیار رہتا ہے اور جدوجہد ہی سے انسان کو منزل مقصود حاصل ہوتا ہے۔ عربی کا مشہور مقولہ ہے۔ من جدّ وجد جس نے کوشش کی اس نے مقصد کو پالیا۔

کاروبار نہ چلنے سے پریشان

سوال از: محمد عثمان ———— کرناٹک

میں ہر مہینے طلسماتی دنیا خرید کر پڑھتا ہوں۔ آج آپ کو خط لکھ کر اپنی پریشانی بتا رہا ہوں۔ میری تاریخ پیدائش ۷ء۱۹۶ میں رمضان کے مہینے میں ہوئی ہے۔ میرا پورا نام محمد عثمان والدہ کا نام ظہورہ بیگم ہے۔ جو انتقال کر چکی ہے۔ جب سے ہوش سنبھالا ہوں تب سے آج تک ہر وقت کوئی نہ کوئی پریشانی ہی ہے۔ میری کرانہ کی دکان پہلے اچھی چلتی تھی تب سے آج تک ہر وقت زکوٰۃ اور مسجد کے چندہ اسکول وغیرہ کا سب کچھ دیتے رہتا ہوں مگر میری پریشانی یہ ہے کہ کاروبار چل رہا ہے مگر قرض لے کر چلا رہا ہوں اور بہت جگہ بتا کر تھک کر بیٹھ گیا ہوں کوئی کہتا ہے تم پر کوئی عمل کر دیا ہے جو تم کو سدھرنے نہیں دے رہا ہے۔ سب علاج کرایا بہت سے عامل ہزاروں روپے کھا گئے مگر کچھ بھی علاج نہیں ہوا۔ قرض بڑھتا گیا جو گھر تھا بیچ کر قرض دیا ہوں پھر بھی ابھی قرض باقی دینا ہے۔ آپ یہ بتائیں کہ میرے اوپر کوئی عمل تو نہیں کیا گیا ہے اگر عمل کیا ہے تو یہ بتائیں کہ کیا علاج کریں جس سے پریشانی دور ہو۔ اور نماز پڑھتا ہوں تو بھی قرض کی سوچ آتی رہتی ہے۔ اس لئے خط لکھ کر معلوم کرنا چاہتا ہوں آپ طلسماتی دنیا میں جواب عنایت فرمائیں۔ اور میں آپ کا شاگرد بننا چاہتا ہوں اور ہمارے یہاں کوئی عامل نہیں ہے۔ خط طویل ہو چکا معافی چاہتا ہوں جواب اگلے شمارے میں شائع کریں۔

جواب

قرض کسی مسئلے کا حل نہیں ہے بلکہ قرض ایک طرح کی لعنت ہے۔ قرض لے کر کسی کاروبار کی بنیاد رکھنا ٹھیک نہیں ہے۔ آپ کاروبار کو بڑھانے کی جدوجہد کریں۔ پابندی سے دکان کھولیں اور کم سامان سے اپنی دکان چلانے کی کوشش کریں۔ سامان بڑھانے کے لئے بار بار قرض لینا اچھا نہیں ہے۔ قرض لینے سے خیر و برکت اڑتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انسان کی نیند اور سکون بھی اڑ جاتا ہے۔ مقروض انسان اگر وہ شریف ہو تو خوف زدہ رہتا ہے اور اس کے

حوصلے پست ہوجاتے ہیں۔ اس لئے احتیاط کا تقاضہ ہے کہ آپ خود کو قرض سے بچائیں۔ اور محدود رقم کی تجارت جس میں کسی طرح کا لون شامل نہ ہو کریں اسی میں برکت ہوگی اور اسی میں آپ کو سکون اور آسودگی میسر رہے گی۔ آج کل لوگوں کو قرض لینے کا ایک طرح کا شوق سا ہوگیا ہے۔ اگر قرض سودی ہے تو اور بھی مصیبتیں کھڑی کرتا ہے اور انسان کو ایسی دلدل میں پھنسا دیتا ہے جس سے نکلنا آسان نہیں ہوتا۔

آپ نماز کی پابندی رکھیں ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی ۳۰ مرتبہ سورۃ الم نشرح، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، ۳ مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے کا معمول بنائیں۔ دکان کھولتے اور بند کرتے وقت تین مرتبہ آیت الکرسی ضرور پڑھا کریں۔ جمعہ کے دن ایک تسبیح درود شریف کی پڑھا کریں۔ انشاء اللہ دکان خوب چلے گی اور اللہ کم سامان میں برکت عطا کریں گے۔ قرض کی ادائیگی کے لئے نماز مغرب کے بعد اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۲۱ مرتبہ پڑھا کریں اور پڑھتے وقت اپنے سر کے بالوں میں یا داڑھی کے بالوں میں کنگھا کیا کریں۔ انشاء اللہ قرض ادا ہوگا۔ لیکن نئے نئے قرضوں میں خود کو مبتلا نہ کریں۔ قرض مسئلے کا حل نہیں ہے بلکہ قرض نئے نئے مسائل پیدا کرتا ہے اور انسان کے چین وسکون کو غارت کرکے رکھ دیتا ہے۔

آپ کو شاگرد بنانے میں ہمیں کوئی تامل نہیں ہے لیکن فی الحال آپ اپنے کاروبار کی طرف دھیان دیں اور آہستہ آہستہ خود کو قرض کی دلدل سے نکالیں۔ جب تک آپ کو قلبی سکون نہیں ملے گا تب تک آپ روحانی عملیات کی بنیادی ریاضتوں کی ذمہ داری کو نہیں نبھا سکیں گے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ آپ کے کاروبار میں ترقی عطا کرے اور آپ کو قرض کے بوجھ سے نجات بخشے۔ جب آپ خود کو پرسکون محسوس کریں تب آپ روحانی عملیات کی لائن میں باقاعدگی کے ساتھ قدم رکھیں اور اس وقت انشاء اللہ ہم آپ کی بھرپور رہنمائی کریں گے۔

ایک بات یاد رکھیں کہ بازاری قسم کے عاملوں کے چکر میں نہ پڑیں۔ جس کے پاس بھی جائیں گے وہ یہی کہے گا کہ کسی نے کچھ کرادیا ہے اور آپ کو خواہ مخواہ بھٹکانے کی کوشش کرے گا۔ اگر آپ پر کسی کرتوت کا کوئی اثر بھی ہو تب بھی ان وظائف سے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے آپ کو فائدہ ہوگا اور آپ ہر طرح کے اثرات سے خواہ وہ سحر کے ہوں، آسیب کے ہوں اور گردش وغیرہ کے ہوں نجات ملے گی۔ ہمارا اپنا خیال یہ ہے کہ آپ پر کسی طرح کا کوئی اثر نہیں ہے۔ آپ کو قرض کی نحوست نڈھال کئے ہوئے ہے۔ نیز کاروبار کے لئے جن صلاحیتوں کی ضرورت ہوتی ہے اور جو جدوجہد درکار ہوتی ہے اس کی آپ میں کمی ہے۔ اپنی کوتاہیوں کو محسوس کریں اور اپنی کارکردگی پر نظر ثانی کریں جب

آپ اپنی خامیوں کا ادراک کرلیں گے اور ان کو دور کرنے کی کوشش کریں گے اللہ کی مدد کے آپ مستحق بن جائیں گے۔

جسمانی مرض

سوال از: طیب ابن صلاح ——— عادل آباد

عرض گزارش ہے کہ میری بھتیجی قرۃ العین ولد عادل بن صلاح والدہ سیدہ نصرت فاطمہ، عمر ۲۱ سال، مکان نمبر ۱۲۰۵۲۲-۵ نزد پٹیل کالج کوچہ پیٹھ ڈزل ضلع عادل آباد (اے پی) الحمد للہ میری بھتیجی کی طبیعت بہت اچھی تھی اور صحت مند تھی اور تعلیم یافتہ بھی ہے۔ لیکن مولانا تقریباً ۲ سال سے طبیعت خراب ہی رہتی ہے۔ طبیعت خراب ہونے کا سلسلہ جوڑوں کے درد سے ہوا ہول دھڑکی دن بہ دن بڑھتی گئی۔ اور دھیرے دھیرے جسمانی کمزوری بڑھتی گئی اور مسلسل بخار آتا رہتا ہے کبھی کم ہوتا ہے پھر بخار آجاتا ہے اور مولانا مسلسل ڈاکٹروں کے علاج کرانے کے بعد بھی کوئی بیماری نہیں ہے۔ اور نہ بیماری معلوم ہوئی ہے کہ ڈاکٹرس کی دوائیں، انجکشن وغیرہ مسلسل علاج کراتے رہتے ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہے اور بالکل دبلا پن آگیا ہے اور بدخوابی آتے رہتے ہیں مولانا صاحب اسی سلسلے میں پیٹ کا درد بھی تھا۔ ڈاکٹر کے مشورہ کے اپنڈیکس آپریشن بھی ہوا وہ ٹھیک ہوگیا لیکن یہ بڑی پریشانی میں مبتلا ہے۔ آپ سے مخلصانہ گزارش ہے کہ ماہنامہ طلسماتی دنیا میں جواب شائع کریں اور برائے مہربانی فرماکر خط کے ذریعہ بھی آپ کے زریں مشورہ سے نوازیں میں نوازش ہوگی۔ تاکہ آپ کے مشورہ پر عمل کرسکیں اور استفادہ کرسکیں

جواب

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر قرۃ العین کے بائیں بازو پر بندھوا دیں اور نقش کو کالے کپڑے میں پیک کریں۔

۷۸۶

اجب یا اسماعیل بحق طا

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

اس نقش کو گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر تازہ پانی سے قرۃ العین کو روزانہ پلائیں اور لگاتار ۲۱ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ اس سے نجات ملے گی۔ آج کل بیماریاں بھی نئی نئی طرح کی ابھر رہی ہیں ہے معالجین بیماریوں کی صحیح تشخیص نہیں کرپاتے اس لئے صحیح علاج

ہو پاتا۔ انشاء اللہ اس روحانی علاج سے جو ہم نے تجویز کیا ہے قرۃ العین کو شفاء نصیب ہوگی اور اس کی وہ بیماری جو ابھی تک پکڑ میں نہیں آسکی ہے رفع ہوگی۔ قرۃ العین کی طرف سے صدقہ بھی اگر ادا کریں تو بہتر ہے۔ صدقہ یہ ہے کہ طرح کا اناج دو سو گرام لے کر قرۃ العین کے اوپر سے سات مرتبہ اتار کر جنگلی کبوتروں کو ڈال دیں۔

کینسر کا علاج

سوال از: عبدالمومن ــــــــــــــــــ ناگ پور

میرے سگے بھائی عبدالباسط کو ڈاکٹروں نے کینسر کی بیماری بتائی ہے اور آپریشن کا مشورہ دیا ہے۔ ان کے پیٹ میں کافی دنوں سے درد اور جلن محسوس ہو رہی تھی۔ ہلکا پھلکا چلتا رہتا تھا جب تکلیف کم نہ ہوئی تو چیک اپ وغیرہ کرانا پڑا۔ اب ڈاکٹروں کا کہنا یہ ہے کہ انہیں کینسر ہے۔ ہمارے حالات ایسے نہیں ہیں کہ ہم کوئی مہنگا علاج جھیل سکیں۔ جب کہ ڈاکٹروں کا یہ بھی ہے کہ اس مرض کا تشفی بخش کوئی علاج نہیں ہے اور مریض مر ہی جاتا ہے۔ آپ اس سلسلے میں اپنے مشوروں سے نوازیں اور اگر اس مرض کا کوئی روحانی علاج ہو تو اس کی نشاندہی کریں یا خود ہمیں روانہ کریں۔

جواب

عبدالباسط جس کمرے میں سوتا ہے اس کمرے کے پردے سرخ رنگ کے کپڑے کے کردیں۔ تکیہ کا غلاف بھی سرخ کپڑے کا بنوادیں۔ اگر عبدالباسط کے ہاتھوں میں سرخ رنگ کے کپڑوں کا رومال رہے تو بہتر ہے۔ مندرجہ ذیل نقش عبدالباسط کے گلے میں ڈالیں اور یہی نقش روزانہ پانی میں گھول کر ۴۰ دن تک پلائیں۔ اس نقش کو بھی سرخ رنگ سے لکھیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸
۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶	۱۵

ابرارالحاج

اس کے ساتھ ساتھ ایک پانی بھی تیار کرلیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک کانچ کی بوتل پر سرخ رنگ کا کاغذ چپکا دیں اور بوتل کو ۷۵ فی صد پانی سے بھر کر ڈھک کر سورج کے سامنے ۴ گھنٹے تک رکھیں۔ اور یہ پانی نہار منہ اور سوتے وقت عبدالباسط کو پلائیں۔ انشاء اللہ کینسر سے نجات ملے گی اور حیرت ناک طریقہ پر عبدالباسط کو تندرستی عطا ہوگی۔ اس فارمولے کے ذریعہ ہمارے کئی مریض شفایاب ہوچکے ہیں اور اللہ کے فضل سے کئی ایسے لوگ بھی ابھی تک زندہ و سلامت ہیں جن کے بارے میں ڈاکٹروں کی رائے یہ تھی کہ یہ لوگ چھ ماہ کے اندر اندر فوت ہوجائیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ روحانی علاج میں جو تاثیر ہے وہ دواؤں اور غذاؤں میں نہیں ہے لیکن فائدہ جب ہوتا ہے جب انسان یقین کے ساتھ علاج کرتا ہے اور اس کا بھروسہ صرف اور صرف اس رب العالمین پر ہوتا ہے جس کے اذن سے بیماریاں آتی ہے اور جس کے حکم سے بیماریوں سے نجات ملتی ہے۔

مسان کی بیماری

سوال از: یاسمین قریشی ــــــــــــــــــ ممبئی

میرا نام یاسمین قریشی، تاریخ پیدائش ۱۹۶۸ء-۶-۲، شوہر کا نام صبیح الدین شیخ، میری والدہ کا نام تحسینہ، والد کا نام سلامت اللہ ہے۔ گھر کے حالات ناسازگار ہونے کی وجہ سے میں نے شادی کافی ٹائم۔ ہم سات بہنیں اور دو بھائی ہیں۔ پانچ کی شادی ہوگئی۔ ہم سب نے مل کر محنت کی اور بھائی کو پڑھایا آج وہ اچھی جاب پر ہے۔ میری شادی کو ایک سال ہوا ہے اس ایک سال میں تین مرتبہ میں حمل سے تھی۔ تین دفعہ ڈھائی مہینے میں حمل ضائع ہوگیا۔ سونوگرافی کرانے سے پتہ چلا ہے کہ ایک ہفتے میں بچہ کے دل کی دھڑکن بن گئی۔ سب ٹھیک رہتا ہے ڈھائی مہینے میں ہی ایسا ہوجاتا ہے۔

تیسری مرتبہ میں نے مولانا جو شرڈی سے قریب راستے میں مدرسہ چلاتے ہیں اور بہت سے مریضوں کا علاج مفت میں کرتے تھے ان کو دکھایا انہوں نے بتایا کہ کسی نے کوکھ باندھ دی ہے۔ ان سے علاج کروایا پھر تیسری مرتبہ بھی ایسا ہی ہوا۔ تعویذ سے تو ہر بیماری کا علاج ہوجاتا ہے اگر مجھے کچھ بیماری اور جادو بھی تھا تو تعویذوں سے ٹھیک کیوں نہیں ہوا۔ آپ سے گزارش ہے کہ کوئی تعویذ پوسٹ سے مجھے بھیج دیں۔ میری عمر کے حساب سے آپ کوئی ایسا وظیفہ اور تعویذ بتادیں کہ بچہ صحیح سلامت ہو پائے نہ ہو۔

میرے سوال کا جواب دے کر میری مدد کیجئے آپ کی بڑی مہربانی ہوگی میں آپ سے ملنا بھی چاہتی ہوں ہدیہ میں آپ کو پوسٹ سے ہی بھیج دوں گی۔

جواب

ہمارے خیال میں آپ کو مسان کی بیماری ہے اور اس بیماری میں خلل کی وجہ سے عورت کا بچہ پورا نہیں ہو پاتا کہ ضائع ہوجاتا ہے اور کبھی اگر ہو بھی جائے تو پیدا ہوتے ہی مرجاتا ہے۔ اور اگر صحیح سلامت پیدا ہو کر کچھ تک جی بھی لے تو ڈھائی سال کے اندر اندر فوت ہوجاتا ہے۔ یہ ایک بیماری ہے جو آج کل اکثر عورتوں کو ہوجاتی ہے۔ لوگ اس کو کوکھ بندی کہتے اور عورتیں خواہ مخواہ اپنے رشتے داروں پر شک کرتی ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے یہ بیماری عورتوں کو آسیبی اثرات کی وجہ سے لگتی ہے اور پھر بہت پریشان

ہے۔ اس بیماری کا علاج ڈاکٹر کے پاس نہیں ہے۔ اس کا علاج صرف عاملین ہی کر سکتے ہیں اگر وہ اس مرض کو سنجیدگی سے لیں اور کوکھ بندی بتا کر مریض کو گمراہ کرنے کی حرکت نہ کریں۔

عامل حضرات سے مرض کو سمجھنے میں غلطی بھی ہو جاتی ہے اور یہ کوئی عیب نہیں ہے۔ اس طرح کی غلطیاں بڑے بڑے ماہرین سے ہو جاتی ہیں لیکن کچھ عامل جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہیں اور کوکھ بندی بتا کر مریض کا الو بناتے ہیں۔ دراصل جادو سحر اور کوکھ بندی بتا کر عامل اچھی طرح پیسے وصول کر سکتا ہے۔ کیونکہ عورت بذات خود منفی سوچ کی وجہ سے اپنے رشتے داروں پر شبہ کرتی ہے اور وہ یہ سمجھتی ہے کہ اس کی دیوانی یا جنجالی یا ساس نہیں چاہتی کہ اس کے اولاد ہو، عامل حضرات اس منفی سوچ کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور اپنا الو سیدھا کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

آپ نے جن عامل صاحب کا ذکر کیا ہے ممکن ہے کہ ان سے تشخیص میں غلطی ہوگئی ہو اور یہ کوئی گناہ نہیں ہے تشخیص میں غلطی اکثر عاملین اور اکثر اطباء اور معالجین سے ہو جاتی ہے لیکن اگر مریض کو لوٹنے کے لئے غلط بیانی کی جائے تو غلط ہے اور بہت بڑا گناہ ہے۔

آپ کا علاج ملاقات کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ شاید عیدالاضحی کے موقعہ پر ہمارا ممبئی آنا ہو تو اس وقت آپ ہم سے ملاقات کر لیں ورنہ پھر کسی بھی مدت کو دیوبند آجائیں تو ہم آپ کو علاج دیدیں گے اور انشاء اللہ آپ کو اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔

دفینے کی کھوج کیسے ہو؟

سوال از: حیدر پاشا ——— کریم نگر

ادھر آندھرا پردیش کے علاقہ میں دفینوں کی بڑی شہرت ہے۔ اکثر لوگوں اور حویلیوں میں دفینے کا شبہ ہوتا ہے اور بڑے لوگ بتاتے ہیں کہ فلاں گھر میں خزانہ ہے۔ لیکن جگہ کی نشاندہی کوئی نہیں کرتا۔ کیا کسی روحانی فارمولے سے خزانہ کی نشاندہی ہو سکتی ہے اور کیا دفینے کی کھوج کر لینا عقلاً ممکن ہے؟

جواب

ہم نے ماہنامہ طلسماتی دنیا میں کئی بار دفینے کی نشاندہی کرنے کے فارمولے نقل کئے ہیں۔ شاید آپ کی نظروں سے نہیں گزرے۔ فی الحال ایک روحانی فارمولہ نقل کر رہے ہیں یہ اکثر و بیشتر تجربوں میں آچکا ہے اور اس کے ذریعہ بے شمار عاملین نے دفینے کی نشاندہی کر کے اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ ذیل میں ہم ایک نقش نقل کر رہے ہیں جو دفینے کی نشاندہی میں تیر کی طرح کام کرتا ہے۔

۷۸۶

واذ یرفع ابراہیم القواعد	من البیت واسماعیل	ربنا تقبل منا	انک انت السمیع العلیم
انک انت السمیع العلیم	ربنا تقبل منا	من البیت واسماعیل	واذ یرفع ابراہیم القواعد
من البیت واسماعیل	واذ یرفع ابراہیم القواعد	انک انت السمیع العلیم	ربنا تقبل منا
ربنا تقبل منا	انک انت السمیع العلیم	واذ یرفع ابراہیم القواعد	من البیت واسماعیل

اس نقش کی پشت پر یہ نقش لکھیں۔

۷۸۶

۱۰۰۹۴۷	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۳۳
۱۰۰۹۳۸	۱۰۰۹۳۳	۱۰۰۹۲۸	۱۰۰۹۳۹
۱۰۰۹۳۲	۱۰۰۹۳۵	۱۰۰۹۴۲	۱۰۰۹۲۹
۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۶

اور نقش کی کسی ایک جانب یہ آیت بھی لکھ دیں۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

پھر یہ نقش سفید مرغے کی گردن میں باندھ کر اس گھر میں چھوڑ دیں جہاں دفینے کا شبہ ہو۔ انشاء اللہ مرغا اسی جگہ پر بیٹھے گا جہاں کچھ دفن ہے۔ مرغا اگر دیسی ہو تو بہتر ہے اور اس کے سر پر دو تاج ہوں تو اور بھی بہتر ہے۔

یہ عمل ہزاروں بار کا آزمایا ہوا ہے۔ اللہ کے فضل سے کبھی خطا نہیں کرتا۔ آپ بھی آزما کر دیکھ لیں۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

حج کے فضائل

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص خلوص نیت کے ساتھ اللہ کے لئے حج کرے اور اس میں فحش کام اور گالی گلوچ لڑائی جھگڑے اور فسق و فجور سے بچتا رہے تو وہ گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے۔ گویا کہ آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔ (بخاری و مسلم)

اکتیسویں قسط

مخزن العجائب

حسن الہاشمی

خاوند کو راضی کرنے کے لئے

اگر کسی عورت کا خاوند اس سے خفا ہو اور باوجود کوشش کے وہ راضی نہ ہو رہا ہو تو اس عورت کو چاہئے کہ روزانہ بعد نماز فجر ۴۱ مرتبہ یہ پڑھے: رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْم۔

روزانہ پڑھ کر اللہ سے دعا کرے کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو جائے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں راضی ہو جائے گا۔ اگر عورت اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے تو خاوند جلد راضی ہوگا اور اس کے بعد انشاء اللہ کبھی ناراض نہیں ہوگا۔

۷۸۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۳	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

مصیبت سے نجات کے لئے

جو شخص کسی مصیبت میں پھنس گیا ہو اور باوجود کوشش کے اس سے نکل نہیں رہا ہو تو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ یہ پڑھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ اور مندرجہ ذیل نقش اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں اس کو مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

ر	ا	ف	غ
۷۹	۱۰۰۱	۱۹۹	۲
۱۰۰۲	۸۲	۰	۱۹۸
۰	۱۹۷	۱۰۰۳	۸۱

گم شدہ کے بارے میں

گم شدہ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد اس نقش کو لکھ کر اپنے تکیہ میں رکھ لیں اور مندرجہ ذیل سورتوں کو سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلے۔

سورۂ شمس، سورۂ واللیل، سورۂ والتین، سورۂ اخلاص اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ وَاجْعَلْ لِیْ خَرَجًا وَّ مَخْرَجًا اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی حَاجَتِیْ دَعْوَتِیْ۔ اس کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائے اس عمل کو تین رات تک لگاتار کرے۔ اگر پہلی رات میں کامیابی مل جائے تو پھر عمل کی ضرورت نہیں۔ اگر خدانخواستہ کامیابی نہ ملے تو پھر دوسری اور تیسری رات میں کرے۔ تیسری رات میں انشاء اللہ یقیناً کامیابی مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

لڑکی یا لڑکے کی شادی کے لئے

جس لڑکی یا لڑکے کے رشتوں میں رکاوٹ پڑ گئی ہو اس کے لئے عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد گلاب و زعفران سے ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد یہ کلمات لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. طٰسٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ. اس کے بعد اس کا تعویذ بنالیں اور ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس تعویذ پر دم کریں اور جس کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ ۳ ماہ کے اندر اندر شادی طے ہو جائے گی۔

ضدی بچوں کے لئے

بعض بچے بے حد ضدی ہوتے ہیں اور بات بات پر روتے ہیں۔ ایسے بچوں کے لئے باوضو ہو کر یہ کلمات لکھیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. طٰسٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ اور تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچے کا رونا اور ضد کرنا ختم ہو جائے گا۔

دردِ زہ میں کمی کے لئے

بعض عورتوں کو پیدائش کے وقت بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس تکلیف میں کمی کے لئے قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ پانچ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلا دیں۔ انشاء اللہ درد میں کمی ہوگی اور بچہ نارمل طریقے سے پیدا ہو جائے گا۔ اس عمل کو اس وقت کریں جب دردِ زہ شروع ہو جائے۔

کمزوری کے ازالہ کے لئے

اگر کوئی شخص عمر کی زیادتی یا کسی بیماری کی وجہ سے حد سے زیادہ کمزور ہو گیا ہو تو اس کے گلے میں یہ نقش ڈالیں۔ انشاء اللہ کمزوری اور نقاہت سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یٰسٓ
یٰسٓ یٰسٓ . وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ یٰسٓ
یٰسٓ

مرگی اور آسیب دور کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص مرگی یا آسیب کا شکار ہو تو ۷ روز تک لگاتار ۷ دن تک یہ عمل کرے۔ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ سورۂ جن کی ابتدائی ۵ آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھینٹیں ماریں اور چھینٹیں مارتے ہوئے یہ کلمات ادا کریں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. الٓمٓصٓ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ. حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ.۔ جس پانی سے مریض کے چہرے پر چھینٹیں ماریں گے اسی پانی کو مریض کو تھوڑا سا پلا بھی دیں۔ انشاء اللہ سات دن میں مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

حافظہ کو قوی بنانے کے لئے

جس شخص کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہئے کہ چینی کی پلیٹ پر مرتبہ یٰسٓ لکھ کر تازے پانی سے دھو کر نہار منہ پیا کرے۔ اس عمل کو تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ کند ذہنی سے نجات ملے گی اور حافظہ بھی قوی ہو جائے گا۔

دکان کی ترقی کے لئے

اگر کسی شخص کی دکان نہ چلتی ہو تو اس کو چاہئے کہ نوچندی اتوار کو فجر کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھیں، کسی کاغذ پر گیارہ مرتبہ طٰسٓ لکھے اور اس کاغذ کو دکان میں ایسی جگہ چسپاں کرے کہ جب دکان کھولے تو اس کاغذ پر نظر پڑے۔ انشاء اللہ دکان چل پڑے گی اور گراہکوں کا ہجوم ہوگا۔

دشمن سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی شخص کسی کی دشمنی سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ عروج میں کسی بھی روز عصر کی نماز کے ایک مرتبہ سورۂ طٰہٰ کی تلاوت کرنے کے کسی کاغذ پر ۲۱ مرتبہ طٰہٰ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ دشمن اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

اگر مردانگی کو باندھ دیا گیا ہو

اگر کسی شخص کی رجولیت (مردانگی) بذریعہ سفلی باندھ دی گئی ہو مرد اپنی بیوی سے محبت کرنے پر قادر نہ ہو تو اس کو یہ عمل کرنا چاہئے۔ انڈے لے اور ایک انڈے پر ایک آیت پڑھ کر دم کرے وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ. دوسرے انڈے پر پڑھے اور اپنی بیوی کو کھلا دے وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمٰھِدُوْنَ تیسرے انڈے پر یہ آیت پڑھیں اور آدھا خود کھا لیں اور آدھا بیوی کو کھلا دیں۔ وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ. عمل کے لئے تین انڈے دیسی مرغی کے لیں اور انڈا ابال کر چھیل مرتبہ ایک آیت کو پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ سحر زائل ہو جائے گا اور مردانگی کھل جائے گی۔

کام میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے

اگر کسی کو اپنے کام میں دلچسپی نہ ہو تو ایک کاغذ پر قرآن حکیم کی یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر اس کے داہنے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ کام میں دلچسپی پیدا ہوگی آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قل ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔

رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے

زندگی میں کسی بھی طرح کی رکاوٹ ہو۔ کاروبار میں ہو، خرید و فروخت ہو یا پھر شادی میں ہو ان سب کو دور کرنے کے لئے اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ ہر طرح کی رکاوٹ سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سلام	علی	نوح	فی العالمین
۶۵	۳۲۱	۱۳۴	۱۰۹
۳۲۰	۹۴	۱۱۴	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۳	۳۱۹	۹۳

ایضاً

رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے یہ عمل بھی تیر بہدف ہے۔ اس عمل کو روزانہ نماز فجر کے بعد صرف ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ رکاوٹیں دور ہوں گی اور پھر ہر طرح کے جائز امور میں بھرپور کامیابی ملے گی۔

عمل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ یَا وَاهِبَ الْخَیْرِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ بحرمة تكفیل بحق یا صمد الغفار ذالمن علی خلقه بلطفه یا صمد۔

ے خیر و برکت

ان دونوں نقش کو گلاب و زعفران سے یا ہری روشنائی سے لکھ کر اگر فریم میں لکھوا کر دکان میں لگائیں تو دکان میں خوب خیر و برکت ہو اور خوب مال کی فراوانی ہو۔ ان دونوں نقش کو اگر سیدھے بازو پر باندھ لیں تب بھی یہی فائدے حاصل ہوں گے۔

ل	ط	ی	ف
ف	ل	ی	ط
ط	ف	ی	ل
ل	ط	ی	ف

ف	ت	ا	ح
ح	ر	ا	ت
ت	ح	ا	ف
ف	ت	ا	ح

کاروبار کی ترقی کے لئے

کاروبار کی ترقی اور مال و دولت میں اضافے کے لئے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ کاروبار میں ترقی ہوگی اور ان کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے۔ اگر مال آنے کے بعد صدقہ و خیرات پابندی سے کرتے رہیں تو مال کبھی کم نہیں ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۸۷	۱۶۰۱	۱۵۹۷	۱۵۹۴
۱۵۹۸	۱۵۹۳	۱۵۸۸	۱۶۰۰
۱۵۹۲	۱۵۹۵	۱۶۰۳	۱۵۸۹
۱۶۰۲	۱۵۹۰	۱۵۹۱	۱۵۹۶

پیشاب جاری کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس کی ناف پر باندھیں۔ انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳۳	۷۴۷	۷۴۳	۷۴۰
۷۴۴	۷۳۹	۷۳۴	۷۴۶
۷۳۸	۷۴۱	۷۴۹	۷۳۵
۷۴۸	۷۳۶	۷۳۷	۷۴۲

ہر طرح کی بیماری سے نجات کے لئے

بیماری کوئی بھی ہو، چھوٹی ہو یا بڑی اس نقش کو گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی اور تندرستی بحال ہوگی۔ اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔

یہ نقش بزرگوں کی ایک خاص عطا ہے۔

۷۸۶

۹۳۷	۹۳۰	۹۴۳	۹۳۰
۹۴۲	۹۳۱	۹۳۹	۹۳۱
۹۳۴	۹۳۵	۹۳۸	۹۳۵
۹۳۹	۹۳۳	۹۳۳	۹۴۳

پھوڑے پھنسی سے نجات کے لئے

اگر جسم پر پھوڑے پھنسی ہو رہے ہوں تو ان سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالیں اور یہی نقش گلاب و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ پھوڑے پھنسی اور زخموں سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۸۸	۱۳۹۱	۱۳۹۳	۱۳۸۱
۱۳۹۳	۱۳۸۲	۱۳۸۷	۱۳۹۲
۱۳۸۳	۱۳۹۶	۱۳۸۹	۱۳۸۶
۱۳۹۰	۱۳۸۵	۱۳۸۴	۱۳۹۵

طاعون اور ہر طرح کی بلاؤں سے حفاظت

اگر کسی علاقہ میں طاعون اور کوئی وبا پھیل گئی ہو یا اگر کوئی شخص اپنے مکان کو آفات و بلیات سے محفوظ رکھنے کا خواہش مند ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے گھر کی چوکھٹ پر چسپاں کر دے۔ انشاء اللہ مکان بھی ہر قسم کی وباؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۲۲	۱۳۲۵	۱۳۲۸	۱۳۱۵
۱۳۲۷	۱۳۱۶	۱۳۲۱	۱۳۲۶
۱۳۱۷	۱۳۳۰	۱۳۲۳	۱۳۲۰
۱۳۲۴	۱۳۱۹	۱۳۱۸	۱۳۲۹

دنیا آخرت کی فلاح کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ دنیا و آخرت کی کامرانیاں اسے حاصل رہیں اس کو چاہئے کہ اس نقش کو ہرے رنگ کی روشنائی سے لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ اس کو ایسے کاموں کی توفیق عطا ہوگی جو اس کو دنیا و آخرت میں سرخرو رکھیں گے۔

۷۸۶

۱۱۱۶	۱۱۱۹	۱۱۲۳	۱۱۰۹
۱۱۲۲	۱۱۱۰	۱۱۱۵	۱۱۲۰
۱۱۱۱	۱۱۲۵	۱۱۱۷	۱۱۱۳
۱۱۱۸	۱۱۱۳	۱۱۱۴	۱۱۲۴

برائے حفاظتِ حمل

حمل کی حفاظت کے لئے اس نقش کو عورت کی ناف پر باندھیں اس کو سرخ کپڑے اور سرخ ڈورے کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر عورت کو مسان بھی ہوگا تو انشاء اللہ ایک ہی حمل محفوظ رہے گا اور بچہ ساتھ خیر عافیت کے پیدا ہوگا۔

۷۸۶

۱۴۳۱	۱۴۴۳	۱۴۴۷	۱۴۴۳
۱۴۳۶	۱۴۴۵	۱۴۳۰	۱۴۳۵
۱۴۴۶	۱۴۳۹	۱۴۳۴	۱۴۴۹
۱۴۴۳	۱۴۴۸	۱۴۴۷	۱۴۳۸

دودھ کی زیادتی کے لئے

بعض عورتوں کے دودھ نہیں اترتا یا اترتا ہے تو وہ اتنا نہیں ہوتا

سے بچے کا پیٹ بھر جائے۔ ایسی عورتوں کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں۔ اس تعویذ کی برکت سے انشاء اللہ دودھ اترنے لگے گا اور اتنی مقدار میں اترے گا کہ بچہ بھوکا نہیں رہے گا۔

٧٨٦

١٢٣	١٢٧	١٣٠	١١٧
١٢٩	١١٨	١٢٣	١٢٨
١١٩	١٣٢	١٢٥	١٢٢
١٢٦	١٢١	١٢٠	١٣١

درخت ہرا بھرا رہے

باغ لگاتے وقت اس بات کا دھیان رکھیں کہ اگر درخت کو زمین میں لگاتے وقت یا حلیمُ ٢٨ مرتبہ پڑھ کر اس پودے پر دم کر دیں جس کو لگایا ہے اور اگر بیج زمین میں ڈالیں تو بیج پر ٢٨ مرتبہ یا حلیمُ پڑھ کر دم کر کے زمین میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس عمل کے بعد جو درخت اُگے گا وہ ہمیشہ ہرا بھرا رہے گا اور ہمیشہ اور ہمیشہ پھل دیتا رہے گا۔ یہ عمل کھیتی کرتے وقت بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے کھیتی ہری بھری رہے گی اور مطلوبہ فائدے اسے بھرپور طریقے سے حاصل ہوں گے۔

غیبی امداد حاصل کرنے کا فن

نوچندی اتوار سے اس عمل کو شروع کریں۔ پہلے دن نصف رات گزرنے کے بعد یعنی سنیچر کی رات قبلہ رو ہو کر ١١٩ مرتبہ ''یالطیف'' پڑھیں۔ اس کے بعد اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْن ١١٩ مرتبہ پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو چالیس دن جاری رکھیں اور آخری دن ١٣١ ویں دن یہ نقش بنا کر اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ غیبی امداد کا سلسلہ شروع ہوگا۔ چلہ پورا ہونے کے بعد روزانہ نماز فجر کے بعد یالطیف ١١٩ مرتبہ اور مذکورہ آیت صرف ١٩ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ حیرت ناک نتائج برآمد ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

۵۹۴	۵۹۵	۵۹۸	۵۸۵
۵۹۷	۵۸۶	۵۹۱	۵۹۲
۵۸۷	۶۰۰	۵۹۳	۵۹۰
۵۹۴	۵۸۹	۵۸۸	۵۹۹

اس نقش کو گلاب و زعفران سے لکھیں اور لکھتے وقت لوبان کی دھونی دیں۔

تسخیر خلائق کا نادر فارمولہ

سورۂ شمس کے اعداد میں اسم الٰہی یا باسط کے اعداد شامل کر کے مربع کا نقش آتشی چال سے نوچندی اتوار کو اس وقت بنائیں جب سورج طلوع ہو رہا ہو۔ جس وقت نقش تیار ہو جائے تو اس پر ٣٠ مرتبہ سورۂ شمس اور ایک ہزار مرتبہ یا باسط پڑھ کر دم کر دیں۔ اس کے بعد اس نقش کو چاندی کے ڈبے میں بند کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں اور روزانہ ٧٢ مرتبہ یا باسط، ایک مرتبہ سورۂ شمس پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تمام مخلوقات مسخر ہوگی۔ جو بھی دیکھے گا وہ عزت و تکریم کرنے پر مجبور ہوگا۔

سورۂ شمس کے اعداد ١٩٣٩٩

اسم الٰہی یا ودود کے اعداد ٧٢

٧٨٦

٣٨٩٠	٣٨٩٣	٣٨٩٦	٣٨٨٤
٣٨٩٥	٣٨٨٣	٣٨٨٩	٣٨٩٤
٣٨٨٤	٣٨٩٨	٣٨٩١	٣٨٨٨
٣٨٩٤	٣٨٨٧	٣٨٨٥	٣٨٩٧

یامسخر سخرلی کل مخلوقات اجب

یاجبرائیل بحق یاباسط

گھر کی خیر و برکت کے لئے

اگر گھر میں خیر و برکت کی کمی محسوس ہوتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر گھر میں آویزاں کر لیں۔ انشاء اللہ گھر کی نحوست دور ہوگی اور خیر و برکت کا سلسلہ شروع ہوگا۔ اس نقش کو غیر مسلمین کو بھی دیا جا سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

ب	ب	ب
ب	ب	ب
ب	ب	ب

یاجبرائیل یاجبرائیل

بحق یاباسط

۳۴
اگر آپ تقدیر و تدبیر پر یقین رکھتے ہیں تو
اپنا روحانی زائچہ بنوایئے
یہ زائچہ زندگی کے ہر موڑ پر آپ کے لئے انشاء اللہ رہنما و مشیر ثابت ہوگا
اس کی مدد سے آپ بے شمار حادثات، ناگہانی آفتوں اور کاروباری نقصانات
سے محفوظ رہیں گے اور انشاء اللہ آپ کا ہر قدم ترقی کی طرف اٹھے گا۔
آپ کا مزاج کیا ہے؟
آپ کا مفرد عدد کیا ہے؟
آپ کا مرکب عدد کیا ہے؟
آپ کے لئے کون سا عدد کی ہے؟
آپ کے لئے نقصان دہ اعداد کون سے ہیں؟
آپ کو مصائب سے نجات دلانے والے صدقات؟
آپ کے لئے کون سی تاریخیں مبارک ہیں؟
آپ کے لئے کون سا دن اہم ہے؟
آپ کو کون سے رنگ اور پتھر راس آئیں گے؟
آپ پر کون سی بیماریاں حملہ آور ہو سکتی ہیں؟
آپ کے لئے موزوں تسبیحات؟
آپ کا اسم اعظم کیا ہے؟ (وغیرہ)
طلب کرنے پر آپ کا شخصیت نامہ بھی بھیجا جاتا ہے، جس میں آپ کے تعمیری اور تخریبی اوصاف کی تفصیل ہوتی ہے اس کو پڑھ کر آپ اپنی خوبیوں اور کمزوریوں سے واقف ہو کر اپنی اصلاح کر سکتے ہیں۔ ہدیہ -/300 روپے
اللہ کی بنائی ہوئی اسباب سے بھری اس دنیا میں اللہ ہی کے پیدا کردہ اسباب کو ملحوظ رکھ کر اپنے قدم اٹھایئے
پھر دیکھئے کہ تدبیر اور تقدیر کس طرح گلے ملتی ہیں؟
ہدیہ -/500 روپے
خواہش مند حضرات اپنا نام، والدہ کا نام، اگر شادی ہوگئی ہو تو بیوی کا نام، تاریخ پیدائش یاد ہو تو وقت پیدائش، یوم پیدائش ورنہ اپنی عمر لکھیں۔
ہدیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔
خواہش مند حضرات خط و کتابت کریں۔
اعلان کنندہ:۔ ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند 24775 فون نمبر 22682

حروف صوامت کی حاضرات

حروف صوامت کا دسواں حرف لام ہے۔ اس کا تعلق چاند کی ۱۲ویں منزل۔ منزل صرفہ سے ہے۔ اس حرف کی زکوۃ اس وقت ادا کرنی چاہئے۔ جب چاند منزل صرفہ میں ہو۔ مندرجہ ذیل عزیمت کو بہ نیت زکوۃ ۱۹۳۸ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کے بعد ہر ماہ جب چاند منزل صرفہ میں آئے تو اس عزیمت کو پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ لام کا عمل حاضرات آپ کے قبضے میں رہے گا۔ عزیمت یہ ہے۔ اجب طا طا ئیل بحق لام وبحق وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل صرفہ۔ حاضرات کے لئے اس عزیمت کا نقش عطارد کی ساعت میں چاندی اور پارے کو مکس کر کے اس کے پترے پر کندہ کریں۔ اور نقش کندہ کرتے وقت عطارد کی بخورات روشن کریں۔ نقش بنانے کے لئے ۱۹۳۸ میں سے ۳۰ وضع کر کے ۴ سے تقسیم کریں۔

۱۹۳۸

۳۰

۴)۱۹۱۸(۴۷۹

۱۶

۳۱

۲۸

۳۸

۳۶

۲

تقسیم کے بعد ۲ باقی رہے۔ نقش میں کسر آرہی ہے۔ نویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا اور نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل

۳۸۶	۳۹۰	۳۹۳	۳۷۹
۳۹۴	۳۸۰	۳۸۵	۳۹۱
۳۸۱	۳۹۵	۳۸۸	۳۸۳
۳۸۹	۳۸۳	۳۸۴	۳۹۲

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل

حروف صوامت کا گیارہواں حرف میم ہے۔ اس حرف کا تعلق چاند کی منزل۔ منزل عوا سے ہے۔ عوا چاند کی ۱۳ویں منزل ہے۔ اس حرف کی زکوۃ ادا کرنے کے لئے چاند جب منزل عوا میں آئے تو بہ نیت زکوۃ مندرجہ ذیل عزیمت کو ۱۸۷۶ مرتبہ پڑھیں پھر ہر ماہ اس عزیمت کو جب چاند منزل عوا میں داخل ہو پڑھتے رہیں تاکہ عمل حاضرات آپ کے قبضے میں رہے۔ عزیمت یہ ہے۔ اجب زوما لیل مئوش بحق میم وبحق وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل عوا۔ اس عزیمت کا نقش زہرہ کی ساعت میں تیار کریں اور اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کریں۔ نقش کندہ کرتے وقت زہرہ کی بخورات روشن کریں۔ نقش بنانے کے لئے ۱۸۷۶ میں سے ۳۰ وضع کر کے ۴ سے تقسیم کریں۔

۱۸۷۶

۳۰

۴)۱۸۴۶(۴۶۱

۱۶

۲۴

۲۴

×

۶

۴

۲

تقسیم کے بعد ۲ باقی رہے۔ نقش میں کسر آرہی ہے۔ نویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل

۳۶۸	۴۷۴	۴۷۵	۳۶۱
۴۷۳	۳۶۴	۳۶۷	۴۷۳
۳۶۳	۴۷۷	۴۷۰	۳۶۶
۴۷۱	۳۶۵	۳۶۳	۴۷۶

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ منا زل

جب حاضرات کرنی ہو تو نقش کو سامنے رکھ کر اور نقش کے ۱۶ویں خانہ میں حاضرات کی سیاہی لگا کر نقش کی عزیمت کو ۱۳ مرتبہ پڑھ کر اور پردم کریں۔ انشاء اللہ حاضرات کھل جائے گی۔ جو عامل کو بھی نظر آئے گی اور سائل کو بھی۔ نقش تیار کرنے کے بعد اگر نقش کی عزیمت کو اس کے اعداد کے مطابق پڑھ کر نقش پر دم کر دیں تو نقش کی تاثیر میں اضافہ ہو جائے گا۔ ♦♦♦♦♦♦

مریض کتنے دنوں میں ٹھیک ہوگا؟

اور صدقہ مریض کی طرف سے کیا دینا چاہئے

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند

مریض کے نام، مریض کی والدہ کے نام کے اعداد نکالیں۔ جس دن وہ بیمار ہوا ہے اس دن کے اعداد اور جس دن معلومات کرتی ہو اس دن کے اعداد، دونوں دنوں کی تاریخیں اور مادوں کے اعداد شامل کرکے ۲۹ سے تقسیم کردیں اور ذیل کی تفصیلات سے نتیجہ برآمد کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ایک باقی رہے تو مریض بہت دیر میں اچھا ہوگا۔ ایک مرغ سفید، پانچ کلو چاول، ایک کلو نمک صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲ باقی رہیں تو مریض کی جان کو خطرہ ہے۔ دو کلو کھانڈ، ایک کلو اصلی گھی، ایک مرغ صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۳ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوجائے گا۔ ایک کلو سرسوں کا تیل، ایک بکری کا بچہ، پانچ کلو باجرا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۴ باقی رہیں تو مریض دیر میں اچھا ہوگا۔ دس کلو گیہوں، دس گز سفید رنگ کا کپڑا صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۵ باقی رہیں تو مریض کو خطرہ ہے۔ اصلی گھی گائے کا ۵ کلو، اور ۱۵ گز لٹھا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۶ باقی رہیں تو مریض بہت جلد ٹھیک ہوجائے گا۔ ۵ کلو چاول، ۵ کلو دودھ صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۷ باقی رہیں تو مریض خطرے میں ہے۔ بکرا ایک عدد، دو کلو اصلی گھی صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۸ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوجائے گا۔ سات طرح کا غلہ چھ چھ کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۹ باقی رہیں تو زندگی ختم ہونے کا اندیشہ ہے۔ ایک بکرا، ۱۰ گرام چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۰ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ایک بکرا، پانچ کلو سرسوں کا تیل خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۱ باقی رہیں تو مریض ٹھیک ہوجائے گا۔ سات طرح کا اناج، سات سات کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۲ باقی رہیں تو مریض بہت جلد ٹھیک ہوجائے گا۔ ایک مرغ، ایک کلو گھی خیرات کریں

اگر تقسیم کے بعد ۱۳ باقی رہیں تو مریض کو اندیشہ موت ہے۔ دس کلو چاول، دس کلو اڑد خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۴ باقی رہیں تو مریض دیر سے تندرست ہوگا۔ دس کلو گھی، دس کلو گیہوں خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۵ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوجائے گا۔ دس کلو چنا، ایک کلو گھی، ایک مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۶ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ۱۰ کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۷ باقی رہیں تو مریض کو خطرہ ہے۔ ۱۰ کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۸ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ۹ تولہ چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۱۹ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ۷ تولہ چاندی، ۵ کلو لوہا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۰ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ دس میٹر کپڑا، ایک سفید مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۱ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ۵ کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۲ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ۹ تولہ چاندی، دس کلو گیہوں خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۳ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ۹ ماشہ سونا، ۲ تولہ چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۴ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ایک بکرا، ایک مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۵ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ سات قسم کا غلہ سات سات کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۶ باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ سات کلو نمک، ایک کلو ہلدی، ایک کلو دہی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد ۲۷ باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ایک تولہ سونا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد صفر باقی بچے تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ۵ کلو گھی، ۵ کلو شکر، ایک مرغ خیرات کریں۔

●●●●●●

قسط نمبر: ۴۳

کرشماتِ جفر

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

تمام مہمات میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے

جو شخص دوران جدوجہد اپنے اہم امور میں وہ کاروبار سے تعلق رکھتے ہوں یا دوسرے معاملات اور مسائل سے کامیابی حاصل کرنے کا خواہش مند ہو اور جو شخص یہ چاہتا ہو کہ جب وہ اپنے کاموں کے لئے افسران سے اور متعلقہ افراد سے ملاقات کرے تو اس کو افسران کی ہمدردی اور لوگوں کا پیار حاصل ہو تو اس کو چاہئے اس فارمولے پر عمل کرے۔ انشاء اللہ اس کو زبردست کامیابی اور لوگوں کا التفات نصیب ہوگا اور عہدیداران اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے۔ یہ نقش جو نقش کفایت کہلاتا ہے آیات کفایات کی مدد سے تیار ہوگا اور اس نقش میں حیرت انگیز فوائد مضمر ہوں گے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ نوچندی جمعہ کو نماز فجر کے بعد اس نقش کی شروعات کریں۔

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

نقش کی شروعات اس طرح ہوگی کہ آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ ولیا ۲۳۲ مرتبہ پڑھ کر نقش کی خانہ پری ایک خانہ سے پانچ خانہ تک ہوگی۔ نقش میں کسر آرہی ہے اس لئے ۱۱ویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ مذکورہ پانچوں آیات کے مجموعی اعداد ۱۸۸۸ ہیں ان میں سے قانون کے ۶۰ گھٹا کر ۵ سے تقسیم کریں گے۔

۱۸۸۸
۶۰

۵)۱۸۲۸(۳۶۵
۱۵
۳۲
۳۰
۲۸
۲۵
۳

تقسیم کے بعد ۳ باقی رہے۔ اس لئے گیارویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ نقش کے خانہ اول میں ۳۶۵۔ دوسرے خانہ میں ۳۶۶۔ تیسرے خانہ میں ۳۶۷۔ چوتھے خانہ میں ۳۶۸ اور پانچویں خانہ میں ۳۶۹ اعداد رکھے جائیں گے۔

ظہر کی نماز کے بعد آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ نصیرا ۵۳۶۱ مرتبہ پڑھ کر نقش پرُ کریں۔ اور چھٹے خانہ میں ۳۷۰۔ ساتویں خانہ میں ۳۷۱۔ آٹھویں خانہ میں ۳۷۲۔ نویں خانہ میں ۳۷۳ اور دسویں خانہ میں ۳۷۴ اعداد رکھیں۔

عصر کی نماز کے بعد آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ حسیبا ۲۲۶ مرتبہ پڑھ کر نقش پرُ کریں اور گیارویں خانہ میں ایک عدد بڑھا کر ۳۷۶۔ بارویں خانہ میں ۳۷۷۔ تیرویں خانہ میں ۳۷۸۔ چودھویں خانہ میں ۳۷۹۔ پندرویں خانہ میں ۳۸۰ لکھ دیں۔

مغرب کی نماز کے بعد آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ علیما ۶۰۲ مرتبہ پڑھ کر نقش پرُ کریں اور سولویں خانہ میں ۳۸۱۔ سترویں خانہ میں ۳۸۲۔ اٹھارویں خانہ میں ۳۸۳۔ انیسویں خانہ میں ۳۸۴ اور بیسویں خانہ میں ۳۸۵ لکھ دیں۔

عشاء کی نماز کے بعد آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ وکیلا ۲۵۲ مرتبہ پڑھ کر نقش پرُ کریں اور ۲۱ویں خانہ میں ۳۸۶۔ بائیسویں خانہ میں ۳۸۷۔ تیئسویں خانہ میں ۳۸۸۔ چوبیسویں خانہ میں ۳۸۹ اور پچیسویں خانہ میں ۳۹۰ لکھ دیں۔ نقش مکمل ہوا۔

سنیچر کا دن چھوڑ کر اتوار کی صبح کو نماز اشراق کی ۴ نفلیں ادا کرنے کے بعد آیت قرآنی وکفیٰ باللّٰہ ولیا ۲۳۲ مرتبہ پڑھ کر اس آیت کو نقش کی پیشانی پر لکھ دیں۔ اس کے بعد دوسری آیت وکفیٰ باللّٰہ نصیرا ۵۳۶۱ مرتبہ پڑھ کر نقش کے دائیں طرف لکھ دیں۔ اس کے بعد تیسری آیت وکفیٰ باللّٰہ حسیبا کو ۲۲۶ مرتبہ پڑھ کر نقش کی بائیں طرف لکھ دیں۔ اس کے بعد چوتھی آیت وکفیٰ باللّٰہ علیما کو دائیں اور بائیں اس طرح لکھیں۔ دائیں طرف وکفیٰ باللّٰہ اور بائیں طرف علیما لکھ دیں۔ اس کے بعد پانچویں آیت وکفیٰ باللّٰہ وکیلا کو ۲۵۲ مرتبہ پڑھ کر نقش کے نیچے لکھ دیں۔ اب نقش

ہے۔ اس کے بعد پھر وظیفیں پڑھیں اور نقش کو بند کرکے ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے گلے میں ڈال لیں اور کرشمہ قدرت ملاحظہ کریں۔ چند دنوں کے بعد حیرت انگیز فوائد محسوس کریں گے اور اس نقش کلامیت کی برکت سے تمام امور میں کامیابی نصیب ہوگی اور بالخصوص حکام و افسران اطاعت کرنے پر مجبور ہوں گے۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

وکفی باللہ ولیا

۳۷۱	۳۸۷	۳۸۳	۳۹۰	۳۶۵
۳۸۵	۳۸۹	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۹
۳۶۷	۳۷۳	۳۸۰	۳۸۱	۳۸۷
۳۷۶	۳۸۲	۳۸۸	۳۶۸	۳۷۳
۳۸۹	۳۶۹	۳۷۰	۳۷۷	۳۸۳

وکفی باللہ نصیرا — وکفی باللہ

وکفی باللہ حسیبا — علیما

وکفی باللہ وکیلا

نقش کی ہر سطر جوڑ کر دیکھ لیں۔ ہر طرف سے جوڑ ۱۸۸۸ آئے گا جو نقش صحیح ہونے کی علامت ہے۔

یادگار لمحے

◆ انسان کی اپنی شخصیت اتنی گہری ہونی چاہئے کہ کوئی اس کے اندر کا حال نہ جان سکے۔

◆ محبت ہمیشہ اپنی گہرائی سے بے خبر رہتی ہے۔

◆ محبت انسان کے دل میں ایسا نشہ داخل کر دیتی ہے کہ انسان اس کو نہ پا سکنے تک سسک کر مر جاتا ہے۔

◆ کوئی ایسا وعدہ کبھی نہ کھولو جسے بعد میں بند نہ کر سکو۔

◆ اعتبار ایک روح کی طرح ہوتا ہے جو ایک مرتبہ چلا جائے تو واپس کبھی نہیں آتا۔

◆ اس خیال میں کبھی نہ رہنا کہ ہمیشہ تندرست اور خوبصورت رہو گے۔

◆ کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ دل آزاری ہے چاہے وہ مسلمان کی ہو یا کافر کی۔

◆ جس طرح کچھ خوبصورت بادلوں میں پانی نہیں ہوتا اسی طرح کچھ خوبصورت لوگوں میں خوبصورتی نہیں ہوتی۔

◆ ہر حال میں اپنے آپ کو بلند اخلاق، بلند خیال اور بلند معیار ثابت کرو۔

◆ اپنے ماں باپ کی خدمت نہ کرنا اور اولاد سے اس کی توقع رکھنا خطرناک غلطی ہے۔

دعا

دعا روحوں اور آرزو کی ہم آہنگی کا نام ہے، دینے اور لینے والے کے مابین ایک ایسے لمحے کی تخلیق کا پیش لفظ ہے۔ جس میں خواہشوں کی تکمیل موجزن رہتی ہے۔ دعا نہ مانگنے والے ہاتھ ان ریگستانوں کی طرح رہتے ہیں جن پر پانی کی بوند برسائے بغیر بادل گزر جاتے ہیں۔ دعا تزکیہ نفس ہے۔ دعا آرزو کا گہوارہ ہے۔ دعا عبادت کا مغز ہے۔

دوست

دوست وہ ہوتا ہے جس کی محبت بے لوث ہو، جس کا خلوص مثال ہو، جس کی وفا میں اصول ہوں، جس کی باتیں دل کش ہوں، دل نشیں ہوں، جس سے مل کر راحت ملے اور جس کی جدائی میں بے چین ہوں اور تجھ میں محبت خلوص وفا میں باتیں سب کچھ موجود ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

مجرب نقوش

الرحمٰن

اسم الرحمٰن کے اعداد ۲۹۸ ہیں۔ یہ اسم الٰہی پریشان حال لوگوں کے لئے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم الٰہی کا ورد اپنے نام کے اعداد کے مطابق کریں اور جمعہ کی نماز کے بعد ۲۹۸ مرتبہ اس کا ورد کریں۔ قلب وجگر کی تمام بیماریوں میں اس اسم الٰہی کا نقش اللہ کے فضل سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۲۷۸	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۲۷۷
۶	۹	۲۸۰	۳
۲۷۹	۴	۵	۱۰

الرحیم

اسم الرحیم کے اعداد ۲۵۸ ہیں۔ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اس کا ورد ۲۵۸ مرتبہ کرے گا وہ چشم خلائق میں محترم اور معزز ہوگا۔ اس اسم الٰہی کے نقش کو اگر چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر انگوٹھی سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی میں پہنیں تو دنیا کی نظروں میں سرخرو ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ر	ی	م
۱۹	۳۹	۳۲	۱۹۹
۳۸	۱۶	۲۰۲	۳۳
۲۰۱	۳۳	۳۷	۱۷

الملک

اس اسم الٰہی کے نقش کو اگر داہنے بازو پر باندھیں تو دنیا میں عزت واقبال نصیب ہو۔ اور دیکھنے والے عزت واحترام کرنے پر مجبور ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	م	ل	ک
۳۱	۱۹	۳۲	۳۹
۱۸	۲۸	۴۲	۳۳
۴۱	۳۳	۱۷	۲۹

القدوس

اسم القدوس کے اعداد ۱۷۰ ہیں۔ یہ اسم الٰہی روحانیت کو عطا دیتا ہے اس کا ورد کرنے والے میں ملکوتی صفات پیدا ہو جاتی ہیں۔ اگر کوئی اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے تو ارواح اولیاء کے دیدار سے مشرف ہو۔ عوام کی نظروں میں مقبول ہونے کے لئے اس کا نقش گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	قد	و	س
۷	۵۹	۳۲	۱۰۳
۵۸	۴	۱۰۶	۳۳
۱۰۵	۳۳	۵۷	۵

السلام

اس اسم الٰہی کا موکل تمام اسماء الٰہی کے موکلین کا بادشاہ ہے۔ جو شخص صبح شام ۱۳۱ مرتبہ اس اسم الٰہی کا ذکر کرتا ہے بطور خاص اس کی حفاظت ہوتی ہے۔ اور وہ ہمیشہ سلامتی سے بہرہ ور رہتا ہے۔ پیٹ کی تمام بیماریوں میں اس اسم الٰہی کا نقش موثر ثابت ہوتا ہے۔ اور دل ودماغ کو بھی تقویت عطا کرتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	س	لا	م
۳۲	۳۹	۳۲	۵۹
۳۸	۲۹	۹۲	۳۳
۹۱	۳۳	۳۷	۳۰

المومن

اس اسم الٰہی کے اعداد ۱۳۶ ہیں۔ جو شخص اس اسم الٰہی کا ورد صبح شام ۱۳۶ مرتبہ کرے گا وہ تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔ اس اسم الٰہی کا ورد اگر ہر فرض نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق کیا جائے تو اسرار غیبی سے مشرف ہوتا ہے اور کشف الہام کی بارشیں ذاکر پر برسنے لگتی ہیں۔ اس اسم الٰہی کا نقش امراض جسمانی اور روحانی سے محفوظ رکھتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	م	و	من
۷	۸۹	۳۲	۳۹
۸۸	۳	۳۲	۳۳
۴۱	۳۳	۸۷	۵

الرشید

اس اسم الٰہی کے اعداد ۵۱۴ ہیں۔ اس اسم الٰہی کا نقش گلے میں ڈالنے سے خطاؤں سے حفاظت ہوتی ہے۔ اگر نشیات میں مبتلا انسان کو یہ نقش ۴۰ دن تک روزانہ پلایا جائے تو ترک نشہ کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ر	ش	ی	د
۱۱	۳	۲۰۱	۲۹۹
۲	۸	۳۰۲	۲۰۲
۳۰۱	۲۰۳	۱	۹

الصبور

اس اسم الٰہی کے اعداد ۲۹۸ ہیں۔ جو شخص اس اسم الٰہی کا ورد کرتا ہے اسے گناہوں سے دور رہنے کی توفیق عطا ہوتی ہے۔ جس شخص کو کوئی صدمہ پہنچا ہو اور وہ صبر نہ کر پا رہا ہو تو اس کو یہ نقش ۷ روز تک پلایا جائے۔ انشاءاللہ اس کو صبر کی توفیق ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	ب	و	ر
۷	۱۹۹	۹۱	۱
۱۹۸	۴	۴	۹۲
۳	۹۳	۱۹۷	۵

الباقی

اس اسم الٰہی کے اعداد ۱۱۳ ہیں۔ جو ڈاکٹر، حکیم یا عامل اس اسم الٰہی کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱۳ مرتبہ کرے گا اس کے ہاتھ میں شفاء پیدا ہوگی اور مریض کا علاج کرے گا اللہ کے فضل سے وہ شفایاب ہو جائے گا۔ اس اسم الٰہی کا نقش اگر معالجین اپنے گلے میں ڈالیں یا اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں تو ان [illegible] اللہ کے فضل سے دولت شفاء حاصل ہو۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	با	ق	ی
۱۰۱	۹	۳۲	۲
۸	۹۸	۵	۳۳
۴	۳۳	۷	۹۹

الوارث

اس اسم الٰہی کے اعداد ۷۰۷ ہیں۔ جو شخص اس اسم الٰہی کا ذکر صبح شام ۷۰۷ مرتبہ کرے گا وہ عالی مرتبہ ہوگا۔ اس کو اپنے ہم عصروں میں امتیاز نصیب ہوگا۔ اگر کوئی بانجھ عورت اس اسم الٰہی کا ذکر نماز فجر، اور نماز عشاء کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق کرے گی تو اس کا بانجھ پن دور ہوگا اسی طرح اگر وہ مرد جس میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں ہے اسی طرح اس اسم الٰہی کا ذکر کرے گا تو وہ صاحب اولاد ہو جائے گا۔ اس اسم الٰہی کا نقش مردانہ اور زنانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ یہ نقش ہر جمعرات کو پہننا چاہئے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	وا	ر	ث
۲۰۱	۳۹۹	۳۲	۲
۳۹۸	۱۹۸	۹	۳۳
۸	۳۳	۳۹۷	۱۹۹

النور

اس اسم الٰہی کے اعداد ۲۵۶ ہیں۔ جو لوگ اس اسم الٰہی کا ذکر پابندی کے ساتھ اس کے اعداد کے مطابق کرتے ہیں تو وہ صاحب کشف ہو جاتے ہیں اور ان کے ظاہر و باطن میں نورانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس اسم الٰہی کا نقش انسان کو باطنی قوتیں عطا کرتا ہے اور چہرے کو پرنور بناتا ہے۔